تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ
پاور آف پاکستان
اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | پیر 04 مئی 2026، 15 ذی القعدہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 262

مزدوروں کو سلام انکی محنت ہی معیشت کو مضبوط بناتی ہے، مریم نواز

دنیا بھر کے محنت کشوں کی خدمات کو سراہا، انہوں نے خاندان کا معاشی سہارا بننے والی محنت کش خواتین کی جدوجہد کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا، محنت کشوں کیلئے مناسب اجرت، محفوظ ماحول، صحت کی سہولیات، بچوں کیلئے معیاری تعلیمی یقینی بنانے پر بھی زور دیا

لاہور (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ مزدوروں کی عظمت کو سلام ہے، انکی محنت ہی معیشت کو مضبوط بناتی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مزدوروں کے عالمی دن پر خصوصی پیغام دیتے ہوئے دنیا بھر کے محنت کشوں کی خدمات کو سراہا، انہوں نے خاندان کا معاشی سہارا بننے والی محنت کش خواتین کی جدوجہد کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے محنت کشوں کیلئے مناسب اجرت، محفوظ ماحول، صحت کی سہولیات، بچوں کیلئے معیاری تعلیمی یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب حکومت مزدوروں کا معیار زندگی بلند کرنے اور خوشحالی کے لیے پرعزم ہے، محنت کش اللہ کے دوست ہیں اور ہم اللہ کے دوست کی قدر و احترام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 38)

وزیر داخلہ محسن نقوی کا پاکستان سمیت دنیا بھر کے محنت کشوں کو سلام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے محنت کشوں کے عالمی دن پر پاکستان سمیت دنیا (بقیہ نمبر 6)

عالمی برادری کشمیر کے مزدوروں کی حالت زار کا نوٹس لے، مشعال ملک

اسلام آباد (این این آئی) حریت لیڈر یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے یوم مزدور پر مقبوضہ کشمیر (بقیہ نمبر 5)

مزدور قوم کی اصل طاقت، معیشت کا ستون اور ملکی ترقی کے حقیقی معمار ہیں، شازیہ مری

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے (بقیہ نمبر 4)

حکومت مزدوروں کے حقوق، فلاح و بہبود اور تحفظ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل چوہدری سالک (بقیہ نمبر 3)

وزیر اعظم کی قیادت میں حکومت مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، سینٹر اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو صوبائی معاون خصوصی راشد اقبال نصر اللہ ڈی ایم پنجاب رحمت کارڈ سے متعلق پرنٹنگ دے رہے ہیں۔

جیٹ فیول اور مٹی کے تیل کی قیمت میں کمی کا اعلان

جیٹ فیول کی قیمت میں 7 روپے 76 پیسے، مٹی کے تیل میں 4 روپے 45 پیسے فی لیٹر، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرول اور ڈیزل کے برعکس حکومت نے جیٹ فیول اور مٹی کے تیل کی قیمت میں کمی کا اعلان کر دیا ہے۔ اوگرا کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق کمرشل جہازوں میں استعمال ہونے والے ایندھن کی قیمت میں 7 روپے 76 پیسے فی (بقیہ نمبر 7)

8 کروڑ لیٹر ڈیزل کے ساتھ پاکستانی جہاز آبنائے ہرمز پار کر گیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی بحری جہاز آبنائے ہرمز اور امریکی ناکہ بندی (بقیہ نمبر 8)

پاکستان جنوبی کوریا مشترکہ تجارتی کمیٹی کے قیام اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

وفاقی وزیر تجارت کی کورین ہم منصب کیساتھ ورچوئل ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور کورین وزیر تجارت سیوہان-کو کے درمیان ورچوئل ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور جنوبی کوریا کے درمیان سپیلا پر مشاورت شروع کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ کورین وزیر تجارت نے پاکستان کی قیادت کو خطے میں امن کے فروغ پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 9)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سُتھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں اجلاس

اجلاس کے دوران عید الاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے انتظامات اور دیگر امور پر غور کیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سُتھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں ایک اجلاس کے دوران عید الاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے انتظامات اور دیگر امور پر غور کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے تمام ضلعی میٹنگ ڈائریکٹرز سے عید پلان طلب کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ گزشتہ دو سالوں کی طرح اس بار بھی (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل اسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب ملاقات کر رہے ہیں۔

محنت کش عزم و ہمت اور قومی وقار کی علامت ہیں، وزیر اعظم

مزدور، کسان، کاریگر، فیکٹریوں میں کام کرنے والے اور دیگر محنت کش طبقات کی قربانی اور خاموش استقامت ہی کھیتوں سے کارخانوں تک، تعمیراتی مقامات سے ورکشاپس تک، مقامی گلیوں سے لے کر عالمی سطح تک کارہائے زندگی کو رواں دواں رکھتی ہے

بحیثیت قوم ہم پاکستانی مزدور کی عزم و ہمت، مشکلات کو سہنے کے حوصلے اور زندگی کی سختیوں کا وقار کے ساتھ سامنا کرنے کے مثالی جذبے کے شاہد ہیں، مزدور اور ہنرمند افرادی قوت ہی اندرون و بیرون ملک ہماری قابلیت، محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کے آئینہ دار ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کے محنت کش عزم و ہمت اور قومی وقار کی علامت ہیں۔ عالمی یوم مزدور (یکم مئی) کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر یوم مزدور نہایت پرعزم انداز میں منا رہا ہے۔ انہوں نے دنیا بھر اور بالخصوص پاکستان کے محنت کش مزدوروں کو ان کی بے لوث خدمات پر خراج تحسین اور سلام پیش کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مزدور، کسان، کاریگر، فیکٹریوں میں کام کرنے والے اور دیگر محنت کش طبقات کی قربانی اور خاموش استقامت ہی کھیتوں سے کارخانوں تک، تعمیراتی مقامات سے ورکشاپس تک، مقامی گلیوں سے لے کر عالمی سطح تک کارہائے زندگی کو رواں دواں رکھتی ہے اور یہی بے لوث جفاکش معاشرے کے سب سے بڑے اعزاز کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم پاکستانی مزدور کی عزم و ہمت، مشکلات کو سہنے کے حوصلے اور زندگی کی سختیوں (بقیہ نمبر 39)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں۔

پاک فوج ملکی سرحدوں کے تحفظ اور دفاع کیلئے ہر لمحہ چوکس اور ہمہ وقت تیار

سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا یکم مئی 2025 کو ٹلہ فائرنگ رینج کا دورہ، آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) پاک فوج ملکی سرحدوں کے تحفظ اور دفاع کیلئے ہر لمحہ چوکس اور ہمہ وقت تیار ہے۔ تفصیلات کے مطابق سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے یکم مئی 2025 کو ٹلہ فائرنگ رینج کا دورہ کر کے آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا، تربیتی مشقوں میں جدید ہتھیاروں، مربوط منصوبہ بندی اور میدان جنگ میں فوری ردعمل کا عملی مظاہرہ کیا گیا، عسکری قیادت نے دشمن کو پاکستان کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری پر کوئی (بقیہ نمبر 14)

پاکستان کی 188 ممالک کیلئے ڈاک سروس بحال، 19 ممالک کیلئے بدستور بند

ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کے بعد پاکستان پوسٹ نے اپنی سروس بتدریج بحال کر دیا ہے

کراچی (این این آئی) حکومت پاکستان نے 188 ممالک کے لیے ڈاک سروس بحال کر دی تاہم 19 ممالک کے لیے سروس بدستور بند ہے۔ پاکستان پوسٹ کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق ایران و امریکا جنگ کے بعد امن کی بحالی نتیجے میں پاکستان پوسٹ نے 188 ممالک کے لیے بند ڈاک سروس بحال کر دی ہے۔ سرکلر میں بتایا گیا کہ ڈاک سروس 19 ممالک کے لیے بدستور معطل رہے گی جبکہ بحال ممالک کے لیے ڈاک ترسیل کے انتظامات بھی مکمل ہو گئے (بقیہ نمبر 15)

پنجاب میں سرکاری رہائش و دفاتر کا بڑا منصوبہ، 8 ارب سے زائد لاگت

لاہور (این این آئی) محکمہ مواصلات پنجاب نے نئے مالی سال کیلئے سرکاری افسران و ملازمین کی رہائش گاہوں اور دفاتر کے قیام کا بڑا ترقیاتی پروگرام تیار کر لیا ہے، جس کی مجموعی لاگت 8 ارب 36 کروڑ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق سالانہ ترقیاتی (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق تھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ غازی خان کا تفصیلی دورہ، سٹروک مینجمنٹ سنٹر کا افتتاح

وزیر اعلیٰ کے خصوصی پروگرام برائے سٹروک مینجمنٹ کے تحت پنجاب میں 54 سٹروک سنٹرز قائم کئے جا رہے ہیں، گفتگو

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ غازی خان کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود اور سپیشل سیکرٹری ہیلتھ جنوبی پنجاب امان اللہ بھی صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔ (بقیہ نمبر 12)

سہیل آفریدی اپنے عہدے پر برقرار رہیں گے، بیرسٹر گوہر

پشاور (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی اپنے عہدے پر برقرار رہیں گے۔ پشاور میں میڈیا (بقیہ نمبر 11)

داتا دربار توسیعی منصوبہ اور بھاٹی چوک انڈر پاس پر کام تیز، سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کا دورہ

زائرین، راہگیروں کے تحفظ کیلئے تعمیراتی سائٹس پر حفاظتی انتظامات، ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل نے داتا دربار توسیعی منصوبے اور زیر تعمیر بھاٹی چوک انڈر پاس کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق اور چیف انجینئر ٹیپا اقرار حسین نے مختلف منصوبوں پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بھاٹی چوک انڈر پاس کی پائلنگ کا کام آئندہ تین سے چار روز میں مکمل کر لیا جائے گا، جبکہ انڈر پاس کی کھدائی اور ریٹینگ وائز (بقیہ نمبر 17)

پاکستان میں معاشی استحکام کیلئے محتاط پالیسی، اصلاحات ناگزیر، نمائندہ آئی ایم ایف

پاکستان میں معاشی استحکام کے لئے محتاط مالیاتی پالیسی، سخت مانیٹری نظم و ضبط اور جاری اصلاحات ناگزیر ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف کے نمائندے ڈاکٹر ماہر بیٹی نے کہا ہے کہ پاکستان میں معاشی استحکام کے لئے محتاط مالیاتی پالیسی، سخت مانیٹری نظم و ضبط اور جاری اصلاحات ناگزیر ہیں۔ وفاقی دارالحکومت میں سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ماہر بیٹی کا کہنا تھا کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، عالمی و پاکستانی معیشت کے لیے خطرہ ہے، تنازع سے توانائی کی منڈیاں متاثر ہو رہی ہیں جو عالمی منڈی میں تیل کے (بقیہ نمبر 29)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نشتر ہسپتال ملتان کا دورہ کر رہے ہیں، سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود بھی ہمراہ ہیں۔

خواجہ سلمان رفیق لاڈیرہ غازی خان میں بیگم کلثوم نواز کینسر ہسپتال کیلئے مجوزہ جگہ کا معائنہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے ڈیرہ غازی خان میں بیگم کلثوم نواز کینسر ہسپتال کیلئے مجوزہ جگہ کا دورہ اور تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سپیشل سیکرٹری جنوبی پنجاب امان اللہ، کمشنر اشفاق احمد چوہدری، (بقیہ نمبر 30)

صدر مملکت کا خیبر پختونخوا میں سرحد پار سے دراندازی کی کوششیں ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں سرحد پار سے دراندازی کی کوششیں ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی سرحدوں کا دفاع اور دہشت گردی کا مکمل خاتمہ اولین ترجیح ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے فتنہ الخوارج کے 13 دہشتگرد دوں (بقیہ نمبر 31)

ترقیاتی سکیموں کی لاگت میں 10 سے 15 فیصد تک اضافہ

حکومت کو ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھنے کیلئے بجٹ میں مزید فنڈز مختص کرنا پڑ سکتے ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات اب ترقیاتی بجٹ پر بھی نمایاں ہونے لگے ہیں، جس کے باعث سرکاری منصوبوں کی لاگت میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سرکاری دستاویزات اور محکمہ خزانہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس سے ترقیاتی سکیموں کی مجموعی لاگت میں 10 سے 15 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق دسمبر 2025ء کے (بقیہ نمبر 18)

لاہور سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل کو لاہور میں بھاٹی چوک اداتا دربار میں ماڈلنگ اور انڈر پاس کنسٹرکشن سائٹ کے دورے کے موقع پر پرنٹنگ دی جا رہی ہے۔

عوام کی طاقت سے بلاول بھٹو کو وزیر اعظم بنائیں گے، یوسف رضا گیلانی

آج جو جمہوریت کا مضبوط تناول درخت ہے یہ صدر آصف زرداری کی پاکستان کھپے نعرہ کی بدولت ہے

مرید کے (این این آئی) چیئرمین سینٹ و سابق وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی پاکستان کی سب سے بڑی اور عوام کی جمہوری جماعت ہے اس نے ہمیشہ پاکستان کی اساس اور عوام کے حقوق کی بات کی ہے، آج جو جمہوریت کا مضبوط تناول درخت ہے یہ صدر آصف علی زرداری کی پاکستان کھپے نعرہ کی بدولت ہے۔ انہوں نے ذوالفقار علی بھٹو شہید اور محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے قریبی ساتھی (بقیہ نمبر 19)

لاہور، 9 سالہ بچی سے جنسی زیادتی کی کوشش میں ملوث درندہ گرفتار

لاہور (این این آئی) 9 سالہ بچی سے جنسی زیادتی کی کوشش میں ملوث ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ ماڈل ٹاؤن پولیس نے ملزم کو سبزازار کے علاقے سے گرفتار کیا، ملزم سبزازار سے ای بلاک اپنے سسرال آیا تھا۔ ملزم نے بچی کو گھر اکیلا پا کر زیادتی کرنے کی کوشش کی، بچی کے شور (بقیہ نمبر 21)

پنجاب میں بسنت 2027ء کیلئے سخت ضوابط جاری، خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا اعلان

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے 2027ء میں پتنگ بازی کیلئے نئے قواعد و ضوابط جاری کر دیئے ہیں، ضوابط پر عملدرآمد کی آخری تاریخ 30 دسمبر 2026ء مقرر کی گئی ہے۔ یہ اقدامات وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے کیئے گئے ہیں، تمام شہریوں، عمارت مالکان اور ایونٹ منتظمین کے لئے ان ضوابط (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں جرائم کا خاتمہ، ہائی ٹیک سکیورٹی سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے جرائم کے خاتمے کے لئے ہائی ٹیک سکیورٹی سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کر لیا، جس کے تحت جدید خودکار ڈرون ٹیکنالوجی کو پولیسنگ نظام کا حصہ بنایا جائے گا۔ اس منصوبے کی منظوری وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے دیئے جانے کے بعد (بقیہ نمبر 26)

پنجاب بھر کے سکولوں کی مانیٹرنگ کیلئے نئے انڈیکیٹرز تیار

سکولوں کی کارکردگی کا جائزہ 11 مختلف معیاروں پر لیا جائے گا، محکمہ تعلیم

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں کی مانیٹرنگ کے نظام میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے نئے انڈیکیٹرز تیار کر لیے ہیں، جن کے تحت اب سکولوں کی کارکردگی کا جائزہ 11 مختلف معیاروں پر لیا جائے گا۔ محکمہ تعلیم کے مطابق تمام ایجوکیشن اتھارٹیز کو نئے انڈیکیٹرز باقاعدہ طور پر فراہم کر دیے گئے ہیں اور آئندہ تمام سکولوں کی مانیٹرنگ انہی معیاروں کے (بقیہ نمبر 20)

لاہور: صوبائی وزیر بلال یاسین محکمہ داخلہ میں امن و امان کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ترقیاتی سکیموں کی لاگت میں 10 سے 15 فیصد تک اضافہ

حکومت کو ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھنے کیلئے بجٹ میں مزید فنڈز مختص کرنا پڑ سکتے ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات اب ترقیاتی بجٹ پر بھی نمایاں ہونے لگے ہیں، جس کے باعث سرکاری منصوبوں کی لاگت میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سرکاری دستاویزات اور محکمہ خزانہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس سے ترقیاتی سکیموں کی مجموعی لاگت میں 10 سے 15 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق دسمبر 2025ء کے (بقیہ نمبر 18)

لاہور سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل کو لاہور میں بھاٹی چوک اداتا دربار میں ماڈلنگ اور انڈر پاس کنسٹرکشن سائٹ کے دورے کے موقع پر پرنٹنگ دی جا رہی ہے۔

قبائلی سردار شناختی دستاویزات کی تصدیق کے مجاز نہیں، وفاقی آئینی عدالت کا فیصلہ جاری

شناختی دستاویزات سے محروم ہونیوالا متاثرہ شخص خود عدالت سے رجوع کرنے کا اہل ہوتا ہے، نہ کہ کوئی نمائندہ، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے سرداری نظام اور شناختی دستاویزات کی تصدیق سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ قبائلی سردار شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی تصدیق کے اہل نہیں ہیں۔ جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے 12 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کا اجرا باقاعدہ قانون کے مطابق ہوتا ہے اور ان کی تصدیق کے لیے صرف مجاز حکام کو اختیار حاصل ہے۔ عدالت نے واضح (بقیہ نمبر 23)

عالمی جوہری ادارے کے ہیڈکوارٹر ویانا میں پاکستان کیلئے ایک اہم سفارتی پیشرفت

پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے نو تعینات چیئرمین ضیاء حسین شاہ کا پرتپاک استقبال

ویانا (این این آئی) عالمی جوہری ادارے کے ہیڈکوارٹر ویانا میں پاکستان کیلئے ایک اہم سفارتی پیشرفت ہوئی ہے۔ ویانا میں پاکستانی سفارتخانے کی پریس ریلیز اور سوشل میڈیا پوسٹ کے مطابق عالمی جوہری ادارے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ہیڈکوارٹر ویانا میں پاکستان کے لیے ایک اہم سفارتی پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں ادارے کے (بقیہ نمبر 25)

ایکسائز کی ٹیکس ریکوری مہم تیز، 61 ارب وصول، ڈیفالٹرز کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز پنجاب نے جاری مالی سال کے 10 ماہ میں 73 ارب روپے کے ہدف میں سے 61 ارب روپے کی وصولی کر لی جبکہ باقی 12 ارب کی وصولی کے لئے سخت اقدامات کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈی جی (بقیہ نمبر 24)

آئی جی پنجاب عبدالکریم کوراجن پور کچھ ایریا کے دورے کے موقع پر کچہ آپریشن اور سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی جا رہی ہے۔

پنجاب میں مفت پبلک ٹرانسپورٹ جاری رکھنے کا فیصلہ پیر کے روز متوقع

ایک ماہ توسیع کی تجویز زیر غور، لاکھوں شہری روزانہ مستفید، حتمی فیصلہ وزیر اعلیٰ کے اجلاس میں ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں مفت پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت جاری رکھنے یا نہ رکھنے سے متعلق حتمی فیصلہ پیر کو متوقع ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس حوالے سے اہم اجلاس طلب کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ ٹرانسپورٹ نے سہولت میں ایک ماہ کی توسیع کی سفارشات ارسال کر دی ہیں اور اس حوالے سے ورکنگ بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ تجویز کے مطابق اورنج لائن ٹرین، میٹرو بس سروس میں ایک ماہ مزید سفری سہولت ہوگی، سپیڈو بس، الیکٹرک بس میں ایک ماہ (بقیہ نمبر 32)

پنجاب میں سیوریج کا نظام، 100 سالہ معیاد والے پائپس کی اتیاری شروع

اقدام کے تحت صوبہ بھر کے سیوریج منصوبوں کے لیے کم لاگت پر جدید پائپس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب کو جدید سیوریج نظام کی جانب لے جانے کے لیے ایک بڑا قدم اٹھا لیا گیا ہے جہاں چین سے درآمد کی گئی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے 100 سالہ میعاد رکھنے والے سیوریج پائپس کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے جدید HDPE لائننگ پائپ فیکٹری کا افتتاح کیا، جس کی تقریب میں شاہد زمان لک، سپیشل سیکرٹری محکمہ بلدیات، عماد افتخار ملک چیئرمین، (بقیہ نمبر 33)

لاہور سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی پنجاب چیریٹی کمیشن کے زیر اہتمام سوسائٹی کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملتان، دوران ڈکیتی ڈاکوں کی فائرنگ سے خاتون جاں بحق، شوہر زخمی

ڈاکو چوری کے غرض سے ایک گھر میں گھسے، فائرنگ کے نتیجے میں خاتون موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئی، پولیس

ملتان (این این آئی) دوران ڈکیتی ڈاکوں کی فائرنگ کے نتیجے میں خاتون جاں بحق، شوہر زخمی ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ افسوس ناک واقعہ نواز شریف زرعی یونیورسٹی کے قریب پیش آیا، جہاں ڈاکو چوری کے غرض سے ایک گھر میں گھسے، فائرنگ کے نتیجے میں خاتون موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئی۔ پولیس نے بتایا کہ جاں بحق خاتون کی شناخت رخسانہ بی بی کے نام (بقیہ نمبر 34)

اے این ایف کی کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار، 21 کلوگرام سیزائد منشیات برآمد

گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) اینٹی نارکوٹیک فورس (اے این ایف) نے 4 کارروائیوں کے دوران 3 ملزمان گرفتار کر کے 21 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں ہری پور، کراچی، اٹک، اسلام آباد میں کی گئیں، (بقیہ نمبر 37)

مزدور طبقہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، سید اویس قادر شاہ

کراچی (این این آئی) اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے عالمی یوم مزدور کے موقع پر محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزدور طبقہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور ان کے حقوق کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم مزدور (بقیہ نمبر 35)

عالمی یوم مزدور، محنت کش طبقے کو خراج تحسین

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ پوری قوم محنت کش طبقے کو شاندار خراج تحسین پیش کرتی ہے (بقیہ نمبر 36)

عوامی مسائل کے حل کے لیے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، گورنر سندھ

القریش برادری کے وفد کی طاہر پرویز ایڈووکیٹ اور انیس قریشی کے ہمراہ ملاقات، قریشی کنونشن اور بابر مارکیٹ کے دورے کی دعوت

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ نہال ہاشمی سے طاہر پرویز قریشی ایڈووکیٹ، محمد انیس قریشی اور دیگر کی ملاقات ہوئی، جس میں القریش برادری کے کنونشن اور ایشیا کی معروف بابر مارکیٹ کے دورے کی دعوت دی گئی۔ کراچی وکلا اتحاد کے مرکزی رہنما اور چیئرمین یونین کونسل صدر ٹان، طاہر پرویز قریشی ایڈووکیٹ کی دعوت پر ہونے والی اس ملاقات میں بانی استحکام پاکستان سوشل فورم پاکستان و بانی جنرل سیکریٹری وقائم مقام صدر انجمن فلاح و بہبود برادران القریش کراچی (بقیہ نمبر 27)

کھیتوں سے تعمیراتی مقامات تک محنت کش قوم کی خوشحالی کی بنیاد ہیں، عبدالعلیم خان

مزدور کو پسینہ خشک ہونے سے پہلے مزدوری ادا کرنا اسلامی اقدار کا حصہ ہے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے انسانی ترقی کے ضامن محنت کشوں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا

District news of All Pakistan

علاقائی خبریں

بہاولنگر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد وسیم اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنا انتظامیہ کی ترجیح ہے: ایڈیشنل ڈی سی

ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کی مقرر کردہ قیمتوں پر نفاذ، عملدرآمد سو فیصد یقینی بنایا جائیگا، محمد وسیم

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات ہے۔ محمد وسیم۔ صحت مند اشیاء، معیار اور تعین کردہ نرخوں کو یقینی بنائیں جائے خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جائے تمام پرائس مجسٹریٹس کو ہدایت ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد وسیم نے ڈی سی آفس کے میٹنگ روم میں ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، (اے ڈی اے) محمود ناصر، ڈسٹرکٹ ممبر و نمائندہ صارفین محمد رفیق رحمانی، محمد اسلم، صدر انجمن تاجران ساجد سندھو، شیخ فضل الٰہی، شیخ اختر حسین، صدر کریانہ ایسوسی ایشن شیخ ساجد محمود و دیگر عہدیداران و ممبران نے شرکت کی۔ ای اے ڈی اے محمود ناصر نے اجلاس کو بریفنگ دی اور تقابلی جائزہ کے بعد ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد وسیم نے تاجران اور صارفین کے نمائندوں کی مشاورت سے اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں مقرر کی۔ جس کے مطابق دال چنا موٹی 208 روپے فی کلو، باریک 200 روپے فی کلو، دال مسور (موٹی) 205 روپے فی کلو، دال ماش (SQ) 410 روپے فی کلو، دال مونگ 360 روپے فی کلو، چنا سفید موٹا 290 روپے فی کلو، باریک 225 روپے، چنا سیاہ موٹا 200 روپے فی کلو، باریک 190 روپے فی کلو، بیسن 228 روپے فی کلو مقرر کی گئی۔

ساہیوال، اندھے قتل کا معمہ حل، ساس کو قتل کرنیوالا داماد گرفتار

اکرام نے کلہاڑی سے بشریٰ بی بی کے ٹکڑے کئے، صندوق میں بند کر کے کھیت میں دفن کر دیا

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اندھے قتل کا معمہ چھ ماہ بعد حل، گھر داماد نے چھ لاکھ روپے کی خاطر ساس کو قتل کر کے زمین میں دفن کر دیا تھا بتایا جاتا ہے کہ چک 127/9L کی رہائشی بشریٰ بی بی نے اکرام کو گھر داماد رکھا ہوا تھا بشریٰ بی بی نے ایک گھنٹیس چھ لاکھ روپے میں فروخت کی جس کی رقم کا تقاضا اکرام نے اپنی ساس سے کیا ساس نے انکار کر دیا جس پر اکرام نے اپنی ساس بشریٰ بی بی کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا اپنی بیوی کو زمین پر کام کرنے کے لیے چھوڑ آیا اور گھر آ کر کلہاڑی سے بشریٰ بی بی کے ٹکڑے کیے اور صندوق میں بند کر کے قریبی کھیت میں دفن کر دیا اور اپنی ساس کے اغوا کا مقدمہ بھی درج کروا دیا پولیس نے تفتیش جاری رکھی شک پر اکرام کو گرفتار کیا گیا تو اس نے راز فاش کر دیا اور لاش برآمد کر وادی پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

بنیان المرصوص، دشمن کو شکست دیکر دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا، طاہرہ منظور

معرکہ حق وطن عزیز کی حفاظت کیلئے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں کے کردار کو اجاگر کیا

رینالہ خورد (تحصیل رپورٹر + نامہ نگار) پوری قوم اور افواج نے معرکہ حق میں ثابت کیا کہ پاکستانی قوم دشمن کے لیے واقعی بنیان المرصوص ہے 10 مئی کو ہم نے دشمن کو تاریخی شکست دے کر دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا۔ پرنسپل ڈی پی ایس رینالہ میڈم طاہرہ منظور تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ڈی پی ایس رینالہ خورد میں معرکہ حق بنیان المرصوص کی اہمیت کو روشناس کروانے کے لیے طلباء و طالبات کے درمیان پوسٹر و پینٹنگ کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء و طالبات نے اپنے فن کے ذریعے افواج پاکستان سے محبت اور قربانی کے جذبے کا بھرپور اظہار کیا۔ ان مقابلہ جات میں معرکہ حق کی کامیابی کو خراج تحسین پیش کیا گیا طلباء و طالبات نے افواج پاکستان کی قربانیوں اور جرات کو رنگوں کے ذریعے اجاگر کر کے وطن عزیز سے اپنی محبت کے عزم کا اعادہ کیا خطاب کرتے ہوئے معرکہ حق بنیان المرصوص کی اہمیت، افواج پاکستان کی دلیری، بہادری، جرات اور وطن عزیز کی حفاظت کے لیے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں کے کردار کو اجاگر کیا گیا۔

مہنگائی عوام کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کر چکی ہے، سعید احمد بھلی

موجودہ حکمرانوں کی معاشی پالیسیوں کے باعث عوام میں شدید مایوسی پائی جاتی ہے، گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر سعید احمد بھلی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کو عوام دشمنی قرار دیتے ہوئے اسے فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی پہلے ہی عوام کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کر چکی ہے اور ایسے میں پٹرولیم قیمتوں میں مزید اضافہ عوام پر ظلم کے مترادف ہے۔ موجودہ حکمرانوں کی معاشی پالیسیوں کے باعث عوام میں شدید مایوسی پائی جاتی ہے اور لوگوں کا اعتماد تیزی سے کم ہو رہا ہے۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر سعید احمد بھلی نے بڑھتی ہوئی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر اظہر عباس بھلی، نائب صدر گل دیبا ساہی، قرنیا ہرڑ، راحت نذیر ونس، نسیم عباس، ذیشان باجوہ کے علاوہ دیگر وکلاء بھی موجود تھے۔ سعید احمد بھلی نے کہا کہ حکومتی عوام دشمن پالیسیوں اور خلیجی جنگ کی آڑ میں پٹرولیم مصنوعات میں آئے روز اضافہ کی طور پر قابل قبول نہیں جس کے باعث اشیائے خورد و نوش، ٹرانسپورٹ سیکٹر، بزنس کمیونٹی اور غریب عوام بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ اور اس کے اثرات براہ راست مہنگائی کی صورت میں عام شہری تک منتقل ہو رہے ہیں۔

ناقص میٹریل کا استعمال، کھدائی نے شہریوں کا جینا محال کر دیا: ضمیر الحسن

کاروباری مراکز تباہ ہو چکے، شہری دھول مٹی کے باعث سانس کی بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں

حافظ آباد (بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف رکن پنجاب اسمبلی چوہدری ضمیر الحسن بھٹی نے حافظ آباد شہر میں جاری سیوریج پراجیکٹ کی سست روی اور انتظامی نااہلی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اسے عوامی فلاح کے بجائے "عوامی عذاب" قرار دے دیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور ن لیگی قیادت کے حالیہ اجلاس پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے پورا شہر کھنڈر کا منظر پیش کر رہا ہے، کاروباری مراکز تباہ ہو چکے ہیں اور شہری دھول مٹی اور گندے پانی کے باعث سانس اور جلد کی بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں، لیکن انتظامیہ اب 20 روز کی نئی ڈیڈ لائن دے کر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش کر رہی ہے۔ چوہدری ضمیر الحسن بھٹی نے کہا کہ 20 روز میں کام مکمل کرنے کی ہدایت دراصل اس بات کا اعتراف ہے کہ اب تک یہ منصوبہ مجرمانہ غفلت کا شکار رہا، تین شفٹوں میں کام کا حکم محض اخباری بیانات تک محدود ہے۔

ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راؤ سکاؤٹس کی تقریب حلف برداری میں شریک ہیں

سیالکوٹ پولیس ون ویلروں کیخلاف کارروائی میں ناکام، نوٹس لیا جائے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ پولیس ون ویلروں کیخلاف کارروائی میں ناکام، سحری اور دوپہر کے قریب ون ویلروں نے شہریوں کو ذہنی اذیت کا شکار کر دیا، شہری عدم تحفظ کا شکار، پولیس خاموش تماشائی بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کی مصروف ترین شاہراہ خواجہ صفدر روڈ کو ون ویلروں نے ون ویلنگ کے موڈوں اور محفوظ قرار دیا ہے۔ تھانہ کینٹ کے علاقہ صدر بازار اور خواجہ محمد صفدر روڈ پر ون ویلر سر عام اتھائی تیز رفتاری سے ون ویلنگ کر رہے ہیں۔ ون ویلنگ کے ساتھ فش رائیڈنگ کی جا رہی ہے

تجاوزات نے شہریوں کو مشکلات میں مبتلا کر دیا: سعید افتاب مغل

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیاسی و سماجی رہنما سعید آفتاب مغل نے کہا ہے کہ تجاوزات نے شہریوں کو مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے، شہر میں تجاوزات کے بڑھتے ہوئے رجحان نے بے شمار مسائل کھڑے کر دیے ہیں جس کے باعث آمد و رفت میں شدید رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں، آگ کی میں شاہراہوں پر ریڑھی بانوں کی بھرمار اور سڑکوں کو بلاک کرنے کی صورتحال نے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے، دکانداروں کا بھی کہنا ہے کہ ان کی دکانوں کے سامنے ریڑھیاں لگنے سے گاہکوں کی آمد متاثر ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں کاروبار بری طرح متاثر ہو رہا ہے، سعید آفتاب مغل نے مزید کہا کہ بعض افراد نے دکانوں کے آگے تھڑے بنا کر جگہ گھیر رکھی ہے جس سے صورتحال روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے۔

سرگودھا، قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالے ڈرائیوروں کیخلاف مقدمات

انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں: ڈی پی او سرگودھا

سرگودھا (بیورو رپورٹ) تھانہ لکسیاں پولیس کا کریک ڈاؤن، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے 09 ڈمپر ڈرائیور کے خلاف مقدمات درج ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا کی خصوصی ہدایات پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں اور شاہراہوں پر خطرناک ڈرائیونگ سے انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے ڈمپر ڈرائیورز کے خلاف تھانہ لکسیاں پولیس کی کارروائی، ایس ایچ او تھانہ لکسیاں فہد بلال نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے 09 ڈمپر ڈرائیورز کو سنگین خلاف ورزیوں اور بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے ہیں۔ اس موقع پر ڈی پی او سرگودھا محمد صہیب اشرف کا کہنا ہے کہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ ہیوی ٹریفک کی وجہ سے ہونے والے حادثات کی روک تھام کے لیے یہ کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

حافظ آباد 6 سالہ بچے سے زیادتی کے بعد قتل کرنیوالا ملزم مقابلے میں پار

ہلاک ہونے والے ملزم کے ساتھی کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں

حافظ آباد (بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد کے نواحی گاؤں چک صابو میں درندہ صفت شخص نے چھ سالہ بچے کو زیادتی کے بعد بے دردی سے گلہ گھونٹ کر قتل کر دیا جس کے بعد ملزم فرار ہو گیا۔ تعاقب کرنے پر مبینہ پولیس مقابلہ میں زیادتی کرنے والے ملزم ہلاک ہو گیا جبکہ اسکا ساتھی فرار ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق چک صابو کے رہائشی ثاقب نواز کا چھ سالہ بیٹا علی فیضان گلی میں کھڑا تھا کہ درندہ صفت ملزم ظفر حشمت اسے اغوا کر کے ایک حویلی میں لے گیا جہاں ملزم نے بچے سے مبینہ زیادتی کا ارتکاب کیا اور بچے کی حالت غیر ہونے پر اسے گلہ گھونٹ کر ہلاک کر دیا اور فرار ہو گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران حمید واقعہ کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر اپنی آئی ٹی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے جہاں انہوں نے مقتول کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ملزم کی گرفتاری کے لئے پولیس کی مختلف ٹیمیں تشکیل دیں۔ جنہوں نے علاقہ کی ناکہ بندی کر کے ملزم کا تعاقب شروع کیا تو اس اثناء میں چک صابو نہر کی پٹڑی کے قریب ایک موٹر سائیکل پر سوار دو ملزمان نے پولیس کو دیکھ کر اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ جس کے جواب میں پولیس نے بھی اپنے دفاع میں گاڑی کے پیچھے چھپ کر اکا دکا فائر کئے۔ تو کچھ دیر بعد ایک ملزم اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا جس کی شناخت ظفر حشمت کے نام سے ہوئی جو چھ سالہ بچے کے قتل کا ملزم تھا۔ ڈی پی او کامران حمید کے مطابق ہلاک ہونے والے ملزم کے ساتھی کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں اور بہت جلد اسے بھی گرفتار کر کے عبرت کا نشان بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ درندہ صفت اور سفاک ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں ان سے پولیس آہنی ہاتھوں سے نمٹے گی۔

سرگودھا قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالے ڈرائیوروں حراست میں کھڑے ہیں

سیالکوٹ، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ واپڈا حکام بجلی کی سپلائی میں ناکام

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، واپڈا حکام بجلی کی سپلائی میں ناکام، مسلسل آنکھ مچولی سے شہری سراپا احتجاج تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش سے کاروباری ادارے مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں۔ سیالکوٹ ایک صنعتی شہر ہے اور یہاں پر زیادہ تر مزدور افراد صنعتی کارخانوں سے وابستہ ہیں۔ بجلی کی بندش سے مزدور فارغ بیٹھ کر گزر بسر کر رہے ہیں۔ واپڈا کے حکام شہریوں کو متواتر بجلی کی فراہمی میں ناکام ہو چکے ہیں۔ بجلی کے دو بلیج میں کمی بھی شہریوں کے لیے وبال جان بن چکی ہے۔ اہلیان سیالکوٹ نے ارباب اختیار سے بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اوکاڑہ، ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز کی ہدایت پر تفتیشی افسران کی ورکشاپ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی ہدایت پر تفتیشی افسران کی ورکشاپ۔ اوکاڑہ ورکشاپ میں استعداد کار میں اضافہ اور سزا یابی کو یقینی بنانے کے لیے مقدمات کی مؤثر تفتیش و پیروی کے لئے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا اوکاڑہ کمیونٹی لائبرنی ہال میں 03 روزہ خصوصی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اوکاڑہ ورکشاپ میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر عامر سہیل، ڈی ایس پی لیگل کلیم اللہ اور انسپکٹر ظہور احمد نے خصوصی لیکچرز دیے اوکاڑہ جبکہ منشیات مقدمات میں موجود تفتیشی و قانونی خامیوں کے خاتمے، شواہد کے مؤثر استعمال اور سزا یابی کے تناسب میں بہتری کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔

ننکانہ، ضلعی ہیڈ کوارٹر میں پنجاب بوائے سکاؤٹس کی حلف برداری تقریب

سکاؤٹس نوجوانوں میں قیادت، خدمت کا جذبہ پیدا کرتے ہیں، ڈی سی تسلیم اختر

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ننکانہ صاحب کے ضلعی ہیڈ کوارٹر میں پنجاب بوائے اسکاؤٹس کی حلف برداری تقریب ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ، صوبائی سیکرٹری طارق قریشی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سفیان دلاور، سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو، ڈسٹرکٹ سیکرٹری اسکاؤٹ اور ایوائز اسکاؤٹس شریک ہوئے۔ صدر ایوائز اسکاؤٹ ننکانہ ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راؤ، صوبائی سیکرٹری طارق قریشی نے ایوائز اسکاؤٹس سے حلف لیا۔ ننکانہ صاحب کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ نے اسکاؤٹس کا حلف اٹھایا۔ صوبائی سیکرٹری پنجاب بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن محمد طارق قریشی نے ڈپٹی کمشنر ننکانہ اور دیگر افسران کو اسکاؤٹس کے سکارف پہنائے۔ حلف برداری کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے کہا کہ اسکاؤٹس نوجوانوں میں قیادت اور خدمت کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔

قوم استحکام پاکستان کے لیے یکجا ہے، پیر سید خلیل الرحمٰن

معرکہ حق کی کامیابی اور عالمی سطح پر امن کا پرچم بلند کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

عارف والا (تحصیل رپورٹر) استحکام پاکستان و فتح معرکہ حق "بنیان المرصوص" کانفرنس استحکام پاکستان و فتح معرکہ حق "بنیان المرصوص" کانفرنس میں قائد پنجاب، جگر گوشہ منظور العارفین حضرت پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری (امیر جماعت اہل سنت صوبہ پنجاب) نے نہایت بصیرت افروز اور ولولہ انگیز خطاب فرمایا جبکہ کانفرنس کے میزبان کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف نقیل جبکہ آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم نے بطور مہمان خصوصی شرکت فرما کر تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ پیر طریقت رہبر شریعت آف الحاج احسان الحق فریدی (مرکزی چیف آرگنائزر، جماعت اہل سنت پاکستان) جاوید اقبال چھرعز (ڈی پی او پاکپتن شریف) آصف رضا (ڈی سی او پاکپتن شریف)، نیز ڈسٹرکٹ اوکاڑہ اور ساہیوال کے معزز ڈی پی او و ڈی سی اوز نے بھی شرکت کی جو اس امر کی غماز ہے کہ پوری قوم استحکام پاکستان کے لیے یکجا اور پرعزم ہے اختتام پر قائد پنجاب نے فیلڈ مارشل سید حافظ عاصم منیر اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو معرکہ حق کی کامیابی اور عالمی سطح پر امن کا پرچم بلند کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

قصور، ایک ماہ 5 دن گزر گئے 18 سالہ مغوی عدنان نہ مل سکا

قصور (بیورو رپورٹ) ایک ماہ 5 دن گزر گئے 18 سالہ عدنان نامی مغوی ملا نہ بازیاب ملزمان گرفتار ہوئے۔ والدین غم سے نڈھال ڈی پی او قصور کو شکایت پر متعلقہ پولیس کو دو دن میں کارروائی مکمل کرنے کے حکم پر ایس ایچ او کی برہمی مغوی کے متاثرہ والد اور والدہ سے بدکیزی تھانہ سے نکل جانے کا حکم اہل خانہ و اہلیان علاقہ سراپا احتجاج متاثرہ خاندان اور اہلیان علاقہ کی دزیر اعلیٰ پنجاب آئی جی پنجاب پولیس وڈی پی او قصور سے انصاف کی اپیل ملزمان گرفتار کرنے اور مغوی کی بازیابی کا مطالبہ۔

چیچہ وطنی، 3 بچوں کی ماں اغواء، گینگ ریپ، 2 ملزم گرفتار

کار میں لفٹ کے بہانے ملزموں نے نشہ آور چیز سونگھا کر بے ہوش کر دیا، مقدمہ درج

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر) تھانہ شاہکوٹ کی حدود میں تین بچوں کی ماں کا اغواء، گینگ ریپ، تین ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، دو ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ شاہکوٹ کی حدود 34 چودہ ایل میں فیض احمد کی بیٹی اللہ رکھی 90 موڑ خریداری کے لیے کچی بازار سے سودا سلف خرید کر واپس گھر جانے کے لیے رکشہ کے انتظار میں کھڑی تھی کہ کار میں سوار جاوید، عنصر اور صابر آ گئے اور کار میں لفٹ دے کر سوار کر لیا راستے میں ملزموں نے نشہ آور چیز سونگھا کر بے ہوش کر دیا اور ملزم جاوید کے ڈیرے پر لے گئے جہاں جاوید نے زبردستی آبروریزی کی عنصر اور صابر پہرا دیتے رہے پھر کمرہ میں بند کر دیا اور ایک ماہ تک اسے ہوس کا نشانہ بنایا گیا، گذشتہ دنوں ملزموں کے چنگل سے نکل کر آ گئی۔ پولیس تھانہ شاہکوٹ نے فیض احمد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔

کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ مالی تحفظ مزدور تقریب میں گفتگو کر رہے ہیں

اوکاڑہ، پیر افورس کیجانب سے گندم کی صورتحال پر سخت مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ میں پیر افورس کی جانب سے گندم کی صورتحال پر سخت مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری۔ اس حوالے سے ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی اسٹاک کے خلاف مختلف مقامات پر چیکنگ کی جا رہی ہے جبکہ مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں بھی تیز کر دی گئی ہیں۔ سب ڈویژنل افسر سمٹ آفیسر وسیم جاوید کے مطابق گندم کی بروقت اور منصفانہ فراہمی کو یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی کے خلاف مہم کو مزید مؤثر اور سخت بنایا جا رہا ہے جبکہ مقررہ نرخوں پر گندم کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی ریلیف کے لیے اقدامات کا سلسلہ مسلسل جاری رہے گا۔

اوکاڑہ، پیر افورس کی جانب سے گندم کی صورتحال کا جائزہ لیا جا رہا ہے

محنت کش طبقے کو محفوظ، صحتمند ماحول فراہم کیا جائے: خالد وسیم

مہنگائی بے روزگاری اور وسائل کی کمی نے مزدور کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے 28 اپریل عالمی یوم تحفظ مزدور کے موقع پر کہا ہے کہ ہمیں اس عہد کی تجدید کرنا ہوگی کہ محنت کش طبقے کو محفوظ باوقار اور صحت مند ماحول فراہم کیا جائے کسی بھی ملک کی ترقی میں مزدور ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں مگر آج بھی بہت سے مزدور غیر محفوظ حالات میں کام کرنے پر مجبور ہیں جہاں انہیں بنیادی حفاظتی سہولیات میسر نہیں فیکٹریوں اور تعمیراتی مقامات پر حفاظتی اقدامات کا فقدان مزدوروں کی جانوں کو خطرے میں ڈال رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر رفقاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ مہنگائی بے روزگاری اور وسائل کی کمی نے مزدور کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، جس کے باعث وہ اپنی جان کی پروا کیے بغیر کام کرنے پر مجبور ہے حکومت، صنعتکاروں اور متعلقہ ادارے مل کر موثر حکمت عملی اپنائیں تاکہ مزدوروں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے انہوں نے مطالبہ کیا کہ لیبر قوانین پر سختی سے عملدرآمد حفاظتی آلات کی فراہمی، آگاہی مہمات، اور حادثات کی صورت میں فوری طبی امداد و انشورنس یقینی بنائی جائے ایک محفوظ مزدور ہی مضبوط معیشت کی بنیاد ہے لہٰذا مزدور کے وقار تحفظ اور خوشحالی کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔

نارنگ منڈی، گندم کے کاشتکار تاحال باردانہ سے محروم، نوٹس کا مطالبہ

پرائیویٹ کمپنیاں ونجی خریدار انتہائی کم نرخوں پر گندم خریدنے کی پیشکش کر رہے ہیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گندم کے کاشتکار تاحال باردانہ سے محروم پرائیویٹ خریداروں کی من مانی قیمتوں نے کسانوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا حکومت کی جانب سے گندم خریداری کے اعلان کے باوجود نارنگ منڈی اور گردونواح کے کاشتکاروں کو اب تک باردانہ فراہم نہیں کیا جا سکا جس کے باعث کسان شدید پریشانی اور بے یقینی کا شکار ہیں سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کاشتکاروں نے بتایا کہ گندم کی تیار فصل کھیتوں اور کھلی جگہوں پر پڑی ہے مگر باردانہ نہ ہونے کی وجہ سے وہ سرکاری خریداری مراکز تک رسائی حاصل نہیں کر پا رہے کاشتکاروں کا کہنا تھا کہ اس صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پرائیویٹ کمپنیاں اور نجی خریدار انتہائی کم نرخوں پر گندم خریدنے کی پیشکش کر رہے ہیں جس سے ان کے پیداواری اخراجات بھی پورے نہیں ہو رہے انہوں نے کہا کہ کسان قرض لے کر سخت محنت اور مشقت سے فصل تیار کرتا ہے۔

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح، کمشنر سرگودھا

شہر کی خوبصورتی اور گرین بیلٹس کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جائے، حافظ شوکت علی

سرگودھا (بیورو رپورٹ) کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس سرگودھا: کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیر صدارت ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں شہری سہولیات اور ترقیاتی امور سے متعلق مختلف اہم شعبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پی ایچ اے، واسا، ہیوٹیکنشن، پارکس، گرین بیلٹس، واسا کے پی ڈی پی پراجیکٹ اور سیوریج سے متعلق درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ایم ڈی صادق گلیمر انجینئر چودھری محمد ارشد اور ایم ڈی واسا ایم بکر عمران نے جاری منصوبوں کی پیشرفت، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر کی خوبصورتی اور صفائی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہیوٹیکنشن اور گرین بیلٹس کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جائے جبکہ پارکس کی بحالی اور عوام کو بہتر تفریحی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واسا حکام کو ہدایت جاری کی کہ سیوریج کے مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں اور پی ڈی پی پراجیکٹ کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔ کمشنر حافظ شوکت علی نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

وزیر آباد، سوہدرہ میں واٹر سپلائی کی بندش معمول، شہری بلبلا اٹھے

پانی کی قلت کی وجہ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو چکا، نوٹس لینے کا مطالبہ

وزیر آباد (نامہ نگار) سوہدرہ میں واٹر سپلائی کی بندش معمول بن گیا جس سے شدید گرمی اور لوڈشیڈنگ سے ستائے شہری بلبلا اٹھے تفصیلات کے مطابق سوہدرہ میں آئے روز واٹر سپلائی کی بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی ہے بھی موٹر کی مرمت اور کبھی کوئی اور جواز بنا کر واٹر سپلائی کی بندش معمول بن چکا ہے شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ ابھی گرمی کا سیزن شروع ہوا ہے اور ساتھ میں لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے ایسے میں پانی کی قلت کی وجہ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو چکا ہے واٹر سپلائی کی مرمت نان پروفیشنل اور غیر سنجیدہ افراد و تعینات ہیں جو من مرضی کے اوقات میں موٹر چلاتے ہیں اور بعض اوقات وہ بھی نہیں چلائی جاتی جسکی وجہ سے شہری پانی سے محروم رہتے ہیں شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد جواد حسین پیرزادہ اور بریگیڈیئر بابر علاؤالدین سے مطالبہ کیا ہے کہ اس حوالے سے سخت نوٹس لے کر متعلقہ افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائیں تاکہ سوہدرہ کے باسیوں کو پانی کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔

چیچہ وطنی، گارڈ کو باندھ کر ڈاکو لاکھوں روپے کی بیٹریاں لیکر فرار

پولیس کارروائی کے دوران کمسن بچی سے نقدی، موبائل چھین کر فرار ہونیوالا ملزم گرفتار

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر) ڈاکو کمسن طالبہ اور یوفون ٹاور کے گارڈ کو باندھ کر چھ لاکھ 35 ہزار روپے کی بیٹری، نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکو خفور ٹاؤن چیچہ وطنی میں آسیہ بی بی کی جازکیش پر آئی ہوئی رقم دوکان سے کمسن بچی جھپٹ لینے گئی جب پانچ ہزار تین سو روپے وصول کر کے گلی سے واپس آ رہی تھی تو موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکو زبردستی نقدی چھین کر لے گیا۔ بلاک نمبر 16 چیچہ وطنی میں محمد جمیل انجم یوفون سپر وائزر کا گارڈ غلام مرتضیٰ حیات آباد ٹاور پر ڈیوٹی دے رہا تھا کہ ڈاکو گن پوائنٹ پر کمرہ میں داخل ہو گئے اور گارڈ کو رسیوں سے باندھ کر جنریٹر کی بیٹری 6 لاکھ 30 ہزار روپے، نقدی 6 ہزار روپے لوٹ کر کار میں فرار ہو گئے۔ پولیس نے آسیہ بی بی اور محمد جمیل انجم کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف الگ

امریکہ ایران مذاکرات میں پیشرفت

ایران نے آبنائے ہُرمز مکمل طور پر کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں کشیدگی کے باوجود تجارتی بحری راستے کھلے رہیں گے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر بیان میں آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جہازوں کی نقل وحرکت ایرانی پورٹس اینڈ میری ٹائم آرگنائزیشن کی طرف سے پہلے سے طے شدہ اور مربوط روٹوں کے مطابق ہو گی۔ اُن کے مطابق یہ فیصلہ خطے میں جاری جنگ بندی کے تناظر میں کیا گیا ہے تاکہ عالمی تجارتی سرگرمیوں کو جاری رکھا جا سکے اور نہ صرف توانائی بلکہ شپنگ کے شعبے میں استحکام برقرار رہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے "ٹروتھ سوشل" پر بیان میں آبنائے ہُرمز کھولنے پر ایران کا شکریہ ادا کیا۔ اُنہوں نے اسے کھلوانے اور مذاکرات میں ثالثی کا بہترین کردار ادا کرنے پر پاکستان، وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا کہ دونوں عظیم شخصیات ہیں۔ ایک عالمی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں اُن کا کہنا تھا کہ ایران کا افزودہ یورینیم امریکہ منتقل کیا جائے گا جس کے لئے وہاں کی حکومت کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ امریکی صدر نے اِس عمل کو "نیوکلیئر ڈسٹ" سے تعبیر کرتے ہوئے کہا یہ وہ باقیات ہیں جو گزشتہ برس ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکی اور اسرائیلی حملوں کے بعد بچی تھیں۔ صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر دعویٰ کیا کہ ایران کے جوہری پروگرام کو روکنا ہی اِس کارروائی کا بنیادی مقصد تھا۔ دوسری جانب ایران نے امریکی صدر کے افزودہ یورینیم کی امریکہ منتقلی پر اِس کے آمادہ ہونے کے دعوے کو سختی سے مسترد کر دیا۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر اپنی پوسٹ میں واضح الفاظ میں کہا کہ ایسا کوئی معاہدہ ہوا اور نہ ہی اِس پر کوئی بات چیت جاری ہے، افزودہ یورینیم ایران کے لئے ایرانی سرزمین جتنا مقدس ہے اور اِسے کسی بھی حالت میں کہیں منتقل نہیں کیا جائے گا، امریکی صدر کی جانب سے کیے گئے دعوے حقیقت کے برعکس ہیں، ایران اپنے جوہری اثاثوں پر مکمل خودمختاری رکھتا ہے۔ اِس سے قبل ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے جنگ بندی کے حصول میں کردار ادا کرنے پر پاکستان کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا تھا کہ اسلام آباد نے ثالثی کے عمل میں موثر کردار ادا کیا۔ ایرانی فوج کے سربراہ میجر جنرل امیر حاتمی کا کہنا تھا کہ دشمنوں کی یہ خواہش ہے کہ ایران ہتھیار ڈال دے لیکن اُن کی یہ خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اُن کا مزید کہنا تھا کہ دہائیوں سے جاری بیرونی دباؤ اور قاتلانہ حملوں کے باوجود عوام کا آہنی عزم متزلزل نہیں ہوا، دشمنوں نے غلط اندازہ لگایا تھا کہ قیادت کے خاتمے سے ملک ٹوٹ جائے گا، جب ایرانی سفارتی حکام مذاکرات میں مصروف تھے تب ایران کو دشمن کی جارحیت کا سامنا کرنا پڑا۔ اُنہوں نے کہا کہ ایرانی حکام کی جرأت مندانہ کوششوں سے جنگ کے دوران ایران کے لئے کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوا، بحری ناکہ بندی بحری قزاقی کی ایک شکل ہے، وہ دشمنوں کی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دے گا۔ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کے لئے صدر ٹرمپ کی طرف سے اظہارِ تشکر کے پیغام پر وزیر اعظم شہباز شریف کا سماجی رابطے کی سائٹ پر ردِ عمل بھی سامنے آیا جس میں اُنہوں نے کہا کہ وہ پاکستان کے عوام اور فیلڈ مارشل کی جانب سے صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثی کی کوششیں جاری ہیں، معاہدے کے لئے محض چند معاملات پر اتفاق ہونا باقی رہ گیا ہے، پاکستان سخت محنت کر رہا ہے کیونکہ اِس سے پوری دنیا کا فائدہ ہوگا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ نہ صرف لبنان میں جنگ بندی ہو چکی ہے بلکہ ایران نے آبنائے ہُرمز سے بحری جہازوں کی آمدورفت کو غیر مشروط طور پر بحال کر دیا ہے، پاکستان پُراُمید ہے کہ بقیہ مذاکراتی عمل بھی جلد از جلد تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ ثالثی میں شامل میڈیا کے بعض ذرائع کے مطابق امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لئے تین صفحات پر مشتمل مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر ہونے والے مذاکرات میں پیشرفت ہوئی ہے، آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر بدھ سے تہران میں مذاکرات کر رہے تھے اور اُنہوں نے پیچیدہ مسائل پر اہم کامیابی حاصل کر لی ہے۔ ذرائع کا یہ بھی کہنا تھا کہ دونوں فریقین کے درمیان آئندہ ملاقات میں معاہدے پر دستخط ہو سکتے ہیں دونوں فریق پہلے ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کریں گے جس کے بعد 60 دِنوں کے اندر جامع معاہدہ ہوگا، فریقین اصولی طور پر متفق ہو چکے ہیں جبکہ تکنیکی جزئیات بعد میں طے کی جائیں گی۔ ایک سینئر ایرانی عہدیدار نے یہ بھی بتایا کہ ہُرمز کھولنے کے معاہدے کے تحت اربوں ڈالر کے ایرانی اثاثوں کو بحال کرنے پر اتفاق ہو چکا ہے، امریکہ نے تمام جوہری سرگرمیوں کی 20 سالہ معطلی کی تجویز دی تھی جبکہ تہران تین سے پانچ سال کا وقفہ چاہتا ہے۔ ایرانی ذرائع کے مطابق افزودہ یورینیم کے ذخیرے پر سمجھوتے کے بھی آثار ہیں جس کے تحت تہران اِس کا کچھ حصہ ملک سے باہر بھیجنے پر غور کر رہا ہے۔

آبنائے ہُرمز کھلنے کے بعد امریکی صدر نے ایریزونا میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے ساتھ ڈیل کا عمل اچھی طرح سے جاری ہے اور مذاکرات ویک اینڈ کے دوران بھی جاری رہیں گے تاہم مجوزہ معاہدے کے تحت کسی قسم کا مالی تبادلہ نہیں کیا جائے گا۔ اِن سطور کی تحریر کے وقت اگرچہ یہ خبر آئی تھی کہ ایران نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ سے بند کر دیا ہے۔ دوسری جانب ایرانی سول ایوی ایشن نے ہفتے کی صبح فضائی حدود کا کچھ حصہ کھولتے ہوئے ملک کے مشرقی حصے میں فضائی روٹوں کو بین الاقوامی پروازوں کے لئے بحال کر دیا تھا۔ حکام نے یہ اعلان بھی کیا کہ ہوائی اڈوں پر فلائٹ آپریشن مرحلہ وار بحال کر دیا جائے گا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایران اب دوبارہ جنگ نہیں چاہتا۔ اُمید ہے وہ معاملات جو تاحال حل طلب ہیں اُن پر بھی جلد ہی اتفاقِ رائے ہو جائے گا۔ امریکی صدر نے آبنائے ہُرمز کی دوبارہ بندش کے بعد اپنے طیارے میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے معاملے پر خوشخبری ہے، ایک شخصیت وائٹ ہاؤس کا دورہ کر رہی ہے، دنیا کو جلد سرپرائز مل سکتا ہے۔ اِن معاملات کو سمجھنے والے جانتے ہیں کہ جنگ بندی کے دوران اُتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں، اصل معاملہ اُن بنیادی اختلافات کو ختم کرنا ہوتا ہے جن کی وجہ سے جنگ کرنی پڑے۔ ایک امریکی ٹی وی نے ایرانی ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ ایرانی اور امریکی وفود جلد پاکستان پہنچ سکتے ہیں، امکان ہے کہ اُن کے درمیان مذاکرات پیر سے شروع ہو جائیں۔ تاہم واشنگٹن نے تاحال کسی بھی شیڈول کی باضابطہ تصدیق نہیں کی۔ پوری دنیا اُمید کر رہی ہے کہ مذاکرات کا یہ دوسرا دور حتمی ثابت ہو، امریکہ اور ایران کے درمیان کوئی معاہدہ ہو جائے۔ دونوں فریقوں کو دنیا کو درپیش مشکلات کا ادراک ہو چکا ہے، آبنائے ہُرمز کو بھی اِسی احساس کی وجہ سے کھولا گیا، اُمید ہے امریکہ اور ایران اپنے اپنے موقف میں مزید لچک پیدا کر کے جلد ہی کسی نتیجے پر پہنچنے میں کامیاب ہو جائیں گے اور دنیا کو وہ خوشخبری سنائیں گے جس کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

سرخرو پاکستان

جاوید قاضی

بہت تیزی سے حالات تبدیل ہو رہے ہیں، اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا؟ میرا کالم چھپنے تک، حالات آپ کے سامنے پہلے سے زیادہ بہتر انداز میں واضح ہو جائیں گے۔ پاکستان کا کردار تاریخ رقم کرے گی۔ ہم پر مہربانی ہے مودی صاحب کی وہ مئی 2025 میں ہم پر حملہ کر بیٹھے اور اگر ہم نے اس حملے پر وہی کچھ کرنا ہوتا جو ابھی نندن کی بار کیا تھا تو ماحول ہمارے خلاف بنتا کہ ہم ایسے ہی ہیں۔

ابھی نندن والے حملے میں مودی پر اعتماد ہوئے تھے اور دوبارہ ہم پر حملہ کر بیٹھے، اگر ہم اس کا منہ توڑ جواب نہ دیتے تو یہ ہندوستان اور اسرائیل کو اور اچھا لگتا اور جب ہم منہ توڑ جواب دے بیٹھے تو ہماری اہمیت امریکا سے لے کر سعودی عرب تک بنی۔ ہم نے یہ کامیاب منہ توڑ جواب اس لیے دے سکے کہ ہمارے پاس چین کی ٹیکنالوجی تھی۔ ہمیں دنیا بھر سے آرڈر آئے، دنیا ہمارے جنگی جہاز خریدنے لگی۔ ٹرمپ نے، ہندوستان کے جو سات رافیل جہاز ہم نے گرائے، اس پر مودی کا بڑا مذاق اڑایا۔

ایران کے ساتھ بھی جون میں کچھ اس طرح ماجرا ہوا۔ اسرائیل یہی سمجھتا رہا کہ اس کے انٹرسیپٹر ایران کے پرانے میزائلوں کو روک لیں گے، ایران وہ جون والی جنگ رکوا تو گیا مگر اسے اسرائیل نے بہت دھکیلا ہوا تھا۔ حزب اللہ سے لے کر شام اور حماس تک، اس کے اتحادی پسپا ہوئے تھے، اور اس بار ایران نے اسرائیل کو حیران کر دیا کہ اس کے پاسدران انقلاب کی ایران میں اتنی گہری جڑیں ہیں۔ دہائیوں سے انھوں نے جنگ کی تیاری کی تھی اور سب سے بڑی بات جو کسی کو سمجھ نہ آئی کہ ایران کے پاس آبنائے ہرمز کا وہ مہرہ ہے جو جنگ کے نتائج تبدیل کر دے گا۔ اس کے ساتھ دو بڑی طاقتیں چین اور روس کھڑے تھے۔

اور اب پورا خلیج و فارس تبدیل ہو گیا۔ سعودی عرب کو امریکی فوج کی اب ضرورت نہیں، ان کے لیے اب پاکستان کی فوج زیادہ قابل بھروسہ ہے۔ قطر بھی یہی سمجھتا ہے۔ پاکستان نے ایران کو یک بہت بڑی تباہی سے بچایا ہے اور اگر ایرانی یہی سمجھتے ہیں تو ہم ایران سے ایک نئے رشتے سے جڑتے ہیں۔ اس طرح بھی دیکھ سکتے ہیں کہ امریکا کمزور نہیں ہوا، بلکہ چین بڑی طاقت بن کر ابھرا ہے۔ امریکا نے آبنائے ہرمز کو ایران کے لیے جب بند کیا تو اسے چین نے توڑ کر دکھایا۔ ہندوستان نے جس اسرائیل پر اپنا وزن رکھا تھا وہ ہندوستان کے لیے آبنائے ہارمز نہیں کھول سکتا، اس لیے ہندوستان اپنی پالیسی میں جو اسرائیل کی طرف پاکستان کے پس منظر میں جھک گیا تھا، وہ اب اپنی پالیسی میں توازن لائے گا۔

اب ترکیہ بھی اس اتحاد میں آنا چاہتا ہے جو ہم نے سعودی عرب کے ساتھ بنایا ہے۔ ترکیہ نے اسرائیل پر حملے کرنے کی دھمکی بھی دی ہے۔ چین نے بھی بلاواسطہ واضح کیا ہے کہ اگر ایران پر ایٹمی حملہ ہوا تو چین اسرائیل پر حملہ کر دے گا۔ سعودی عرب کی حفاظت کے لیے پاکستان پہنچ گیا ہے جو خود نیوکلیئر طاقت ہے۔ اسرائیل کا بیانیہ اب بہت محتاط بنے گا وہ گریٹر اسرائیل تو کیا اب اپنا وجود خطرے میں محسوس کرے گا۔

خود ایران ایک بہت بڑی طاقت بن کر ابھرے گا جو تین سپر طاقتیں ہیں جیسا کہ چین، رشیا اور ایران وہ آپس میں جڑی ہوئی ہیں جو چوتھی سپر طاقت ہے وہ یورپی یونین یا نیٹو جو امریکا سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ اس لیے امریکا کو ٹرمپ نے تنہا کر دیا اور اس کے سنگین نتائج خود ٹرمپ کو نومبر میں ہونے والے مڈٹرم انتخابات میں بھگتنا ہوں گے۔

سوال یہ بھی ہے کہ کیا ایران تھیوکریٹک ریاست ہے۔ بہت سے محققین یہ سمجھتے ہیں، ایران بحیثیت سماج تقسیم ہے، وہ لوگ قہوہ خانوں میں اپنی خواتین کے ساتھ بیٹھتے ہیں۔ حکومت کے خلاف بولنے کی قدرے آزادی ہے۔ ایک سسٹم ہے، آئین ہے، پارلیمان ہے لیکن ناکافی ہیں۔ ایران کو اب اپنے آپ کو کھوجنا ہوگا۔

ہندوستان، پاکستان اور ایران سینٹرل ایشیا کی منڈیوں تک پہنچنا چاہتے ہیں، اس کے لیے جو رکاوٹیں وہ ختم ہونی چاہیے۔ ایران اور پاکستان سات فیصد شرح نمو تک جا سکتے ہیں۔ پاکستان نے جان بوجھ کر سرد جنگ میں امریکا کا مہرہ بن کر ان کی امداد پر بھروسہ کر کے خود کو معاشی حقیقتوں سے دور رکھا۔ بہت بڑی جامع پالیسی پھر سے ترتیب دینے کی ضرورت ہے کہ ہم نئی ابھرنے والی حقیقتوں کو اپنی بہتری کے لیے استعمال کر سکیں۔

ہماری معیشت کے بہت پیچیدہ مسائل ہیں۔ ملک کے 57 فیصد لیبر فورس زراعت سے جڑی ہوئی ہے اور زراعت اب بھی پرانی جاگیرداری اقدار میں چل رہی ہے۔ ہم دیہات میں صنعتوں کا جال نہیں بچھا سکے، تعلیم کو بہتر نہیں کر پائے، ملک کی پچاس فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے رہنے پر مجبور ہے۔ بے روزگاری بیس سال کے ریکارڈ توڑ چکی ہے۔ ہماری شرح نمو اگر پانچ فیصد پر بھی پہنچ پاتی ہے تو ہمیں بیلنس آف پیمنٹ میں مسئلے آ جاتے ہیں، کیونکہ ہمارا امپورٹ بل بڑھ جاتا ہے۔ ہماری اسٹیبلیشمنٹ اس غیر پیداواری اشرافیہ کے ساتھ چلنے میں اپنے آپ

بونیر سے ابھرتا ستارہ، خیبر پختونخوا میں پہلی پوزیشن

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

بونیر کی سرزمین ایک بار پھر فخر اور مسرت کے جذبات سے سرشار ہوگئی ہے جب ایک محنتی، باہمت اور بلند حوصلہ رکھنے والے نوجوان نے اپنی غیر معمولی کامیابی سے نہ صرف اپنے خاندان بلکہ پورے علاقے کا نام روشن کر دیا۔ یہ کامیابی محض ایک فرد کی ذاتی فتح نہیں بلکہ اس سوچ اور نظریے کی جیت ہے جو مشکل حالات میں بھی امید کا دامن نہیں چھوڑتی اور مسلسل آگے بڑھنے کا حوصلہ رکھتی ہے۔ بلال، جو ایک سادہ مگر باوقار اور محنت کش گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں، نے سی ایس ایس 2025 جیسے نہایت مشکل اور مقابلہ جاتی امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے خیبر پختونخوا میں پہلی اور پورے پاکستان میں 18 ویں پوزیشن اپنے نام کی۔ یہ کامیابی یقیناً ہر نوجوان کے خوابوں کی تعبیر ہوتی ہے، لیکن بلال نے اسے حقیقت میں بدل کر اپنی غیر معمولی صلاحیتوں اور عزم کا لوہا منوا دیا۔ ان کی زندگی کا پس منظر نہایت سادہ اور جدوجہد سے بھرپور رہا ہے۔ ان کے والد ڈپٹی کمشنر آفس بونیر میں نائب قاصد کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، جنہوں نے محدود وسائل کے باوجود اپنے بیٹے کی تعلیم و تربیت میں کوئی کمی نہیں آنے دی۔ یہی قربانیاں اور دعائیں آج اس عظیم کامیابی کی صورت میں رنگ لائی ہیں۔ بلال کی کامیابی اس حقیقت کا زندہ ثبوت ہے کہ وسائل کی کمی کبھی بھی انسان کے خوابوں کی راہ میں مستقل رکاوٹ نہیں بن سکتی، بشرطیکہ انسان کے اندر آگے بڑھنے کا جذبہ، محنت کرنے کی لگن اور ہمت نہ ہارنے کا حوصلہ موجود ہو۔ انہوں نے اپنی مسلسل جدوجہد سے یہ ثابت کر دکھایا کہ اصل طاقت انسان کے ارادے میں ہوتی ہے۔ یہ کامیابی بونیر کے ہر نوجوان کے لیے امید، حوصلے اور نئی سوچ کی ایک روشن کرن ہے۔ ایسے دور میں جب بہت سے نوجوان مایوسی اور بے یقینی کا شکار ہو جاتے ہیں، بلال کی داستان انہیں یہ یقین دلاتی ہے کہ محنت اور یقین کے ساتھ ہر ناممکن کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ سی ایس ایس کا امتحان ملک کے مشکل ترین امتحانات میں شمار ہوتا ہے، جہاں ہزاروں امیدوار اپنی قسمت آزماتے ہیں مگر کامیابی صرف چند کے حصے میں آتی ہے۔ بلال نے نہ صرف اس امتحان کو کامیابی سے عبور کیا بلکہ نمایاں پوزیشن حاصل کر کے اپنی علمی قابلیت، ذہانت اور محنت کا بھرپور ثبوت پیش کیا۔ ان کے اس کارنامے نے یہ واضح پیغام دیا ہے کہ اگر انسان اپنی منزل کا تعین کر لے اور خلوصِ نیت کے ساتھ اس کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھے تو راستے خود بخود ہموار ہوتے چلے جاتے ہیں۔ کامیابی کبھی بھی آسانی سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے قربانی، صبر اور استقامت کی ضرورت ہوتی ہے۔ بلال کی کامیابی میں ان کے والدین کی دعاؤں، تربیت اور قربانیوں کا بھی نمایاں کردار ہے۔ ایک باپ کا اپنے بیٹے کے لیے بڑے خواب دیکھنا اور پھر ان خوابوں کو حقیقت میں بدلتے دیکھنا یقیناً ایک ناقابلِ بیان خوشی اور فخر کا لمحہ ہوتا ہے۔ ان کے والد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے نہایت خوبصورت الفاظ میں کہا کہ انسان اگر خلوصِ نیت، دیانتداری اور محنت کے ساتھ اپنے مقصد کے لیے کوشش کرے تو کامیابی ضرور اس کا مقدر بنتی ہے۔ یہ الفاظ نہ صرف بلال بلکہ ہر اس نوجوان کے لیے مشعلِ راہ ہیں جو اپنی زندگی میں آگے بڑھنا چاہتا ہے۔ یہ کامیابی خصوصاً متوسط اور غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے طلبہ کے لیے ایک زبردست پیغام ہے کہ حالات چاہے کتنے ہی مشکل کیوں نہ ہوں، تعلیم اور محنت کے ذریعے ہر رکاوٹ کو عبور کیا جا سکتا ہے اور کامیابی کی بلندیاں حاصل کی جا سکتی ہیں۔ بلال نے اپنی انتھک محنت سے یہ ثابت کیا کہ انسان کی اصل پہچان اس کی قابلیت، کردار اور عزم ہوتا ہے، نہ کہ اس کا مالی پس منظر یا معاشی حیثیت۔ یہی وہ سوچ ہے جو کسی بھی معاشرے کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔ بونیر جیسے علاقے سے اس نوعیت کی شاندار کامیابی کا سامنے آنا انتہائی خوش آئند اور قابلِ تحسین ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ یہاں کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں صرف مناسب مواقع، رہنمائی اور حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ بلال کی کامیابی نے علاقے کے تعلیمی ماحول پر بھی مثبت اثرات مرتب کیے ہیں۔ اب مزید نوجوان سی ایس ایس جیسے بڑے امتحانات کی طرف راغب ہوں گے اور اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے لیے سنجیدہ کوششیں کریں گے۔ یہ کامیابی نہ صرف ایک فرد بلکہ پورے معاشرے کی سوچ کو بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ جب ایک عام گھرانے سے تعلق رکھنے والا نوجوان اتنی بڑی کامیابی حاصل کرتا ہے تو وہ دوسروں کے لیے بھی امید اور حوصلے کے دروازے کھول دیتا ہے۔ بلال کی کامیابی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ناکامی سے گھبرانے کے بجائے اسے سیکھنے اور آگے بڑھنے کا ذریعہ بنانا چاہیے۔ مسلسل کوشش، صبر اور مستقل مزاجی ہی وہ عناصر ہیں جو انسان کو کامیابی کی منزل تک پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے اپنی محنت، وقت کی قدر اور مستقل مزاجی سے یہ واضح کر دیا کہ اگر انسان اپنے وقت کو صحیح انداز میں استعمال کرے اور اپنی توانائیاں مثبت سمت میں لگائے تو کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ یہ کامیابی اس بات کی بھی عکاسی کرتی ہے کہ والدین کی محنت، قربانیاں اور دعائیں کبھی رائیگاں نہیں جاتیں۔ ایک باپ کی سادہ زندگی اور ایک بیٹے کی بلند سوچ نے مل کر ایک نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ بلال کی یہ کامیابی نوجوان نسل کے لیے ایک عملی نمونہ ہے کہ اگر وہ اپنی صلاحیتوں کو پہچانیں اور محنت کے ساتھ انہیں بروئے کار لائیں تو وہ بھی زندگی میں بڑی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کی کامیابی نے نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے بونیر اور خیبر پختونخوا کے لوگوں کو خوشی، فخر اور حوصلے سے بھر دیا ہے۔ ایسے لمحات کسی بھی معاشرے کے لیے سرمایۂ افتخار ہوتے ہیں۔ اصل کامیابی وہ ہوتی ہے جو نہ صرف انسان کی اپنی زندگی بدل دے بلکہ دوسروں کی سوچ اور رویوں پر بھی مثبت اثر ڈالے اور انہیں آگے بڑھنے کی ترغیب دے۔ بلال نے اپنی شاندار کامیابی سے یہ پیغام دیا ہے کہ خواب دیکھنا ضروری ہے، لیکن اس سے بھی زیادہ ضروری ان خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے لیے مسلسل جدوجہد کرنا، ہمت نہ ہارنا اور اللہ پر کامل یقین رکھنا ہے۔ ان کی محنت، لگن، استقامت اور عزم ہر اس نوجوان کے لیے مشعلِ راہ ہے جو اپنی زندگی میں کچھ بڑا کرنے کا خواب دیکھتا ہے۔ یہ کہانی یقیناً آنے والی نسلوں کے لیے بھی ایک قیمتی اثاثہ اور روشن مثال ثابت ہوگی۔ بلال اور ان کے اہلِ خانہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید کامیابیوں، عزتوں اور کامرانیوں سے نوازے اور ان کی یہ کامیابی ہمیشہ دوسروں کے لیے امید، روشنی اور حوصلے کا مینار بنی رہے۔

سچ کے قاتل صحافت، خوف اور بے نام طاقتوں کی کہانی

دیارِ غیر سے

شیراز حسین

Sheraziusa6710@gmail.com

3 مئی کو جب دنیا صحافت کا عالمی دن مناتی ہے تو پاکستان میں یہ دن ایک تلخ سوال بن کر ابھرتا ہے: کیا یہاں واقعی صحافت آزاد ہے، یا صرف اتنی آزاد ہے جتنی اسے رہنے دیا جاتا ہے؟ یہ سوال محض نظری نہیں، بلکہ ان لاشوں، گمشدگیوں اور خاموش آوازوں سے جڑا ہوا ہے جو برسوں سے اس ملک کی صحافتی تاریخ کا حصہ بنتی آ رہی ہیں۔ پاکستان میں صحافی کو خاموش کرنے کے طریقے بدلتے رہتے ہیں، مگر مقصد ایک ہی ہوتا ہے سچ کو قابو میں رکھنا کبھی دھمکیاں، کبھی اشتہارات کی بندش، کبھی مقدمات، اور کبھی سیدھا اغوا یا قتل۔ ان تمام حربوں کے پیچھے ایک ہی سایہ دکھائی دیتا ہے نامعلوم افراد۔ یہ وہ اصطلاح ہے جو ہر رپورٹ میں آتی ہے، ہر واقعے کے بعد دہرائی جاتی ہے، مگر کبھی کسی چہرے میں ڈھل نہیں پاتی۔ ارشد شریف کا قتل اسی اندھیرے کی سب سے نمایاں مثال ہے۔ ایک ایسا صحافی جو اپنے سوالات اور تجزیوں کی وجہ سے طاقتور حلقوں کی نظروں میں کھٹکنے لگا۔ دباؤ بڑھا، دھمکیاں آئیں، اور بالآخر وہ ملک چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ مگر جلاوطنی بھی انہیں نہ بچا سکی۔ کینیا میں ایک گولی نے نہ صرف ان کی جان لی بلکہ پاکستان کے صحافتی نظام پر ایک ایسا سوالیہ نشان لگا دیا جو آج تک نہیں مٹ سکا۔ سرکاری بیانیے، عدالتی کارروائیاں اور بین الاقوامی رپورٹس سب موجود ہیں، مگر انصاف اب بھی غائب ہے۔ ارشد شریف کا نام اس لیے نمایاں ہے کہ وہ ایک بڑا چہرہ تھے، مگر یہ کہانی صرف ان تک محدود نہیں۔ سندھ میں نصر اللہ گڈانی، خیبر پختونخوا میں خلیل جبران، قبائلی علاقوں میں کامران داوڑ یہ سب وہ نام ہیں جو شاید قومی سطح پر اتنے مشہور نہ ہوں، مگر ان کا انجام ایک جیسا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھائے، اور پھر خاموش کر دیے گئے۔ یہاں سوال صرف یہ نہیں کہ صحافی کیوں مارے جاتے ہیں، بلکہ یہ ہے کہ انہیں مارنے والے کون ہیں؟ کیا یہ شدت پسند گروہ ہیں؟ کیا یہ مقامی سیاسی مفادات ہیں؟ یا کیا اس کے پیچھے وہ طاقتور حلقے ہیں جن کا ذکر کرنا بھی خطرے سے خالی نہیں؟ حقیقت شاید ان سب کے بیچ کہیں موجود ہے، مگر سب سے خطرناک بات یہ ہے کہ یہ حقیقت کبھی مکمل طور پر سامنے نہیں آتی۔ پاکستان میں اغوا ایک خاموش ہتھیار بن چکا ہے۔ صحافی کو اٹھایا جاتا ہے، کچھ دن بعد واپس آ جاتا ہے مگر اس کی آواز ہمیشہ کے لیے بدل چکی ہوتی ہے۔ یہ عمل صرف ایک فرد کو نہیں، پورے میڈیا کو پیغام دیتا ہے کہ حد کہاں ہے۔ اور جب حدیں نظر نہ آئیں، تو خود سنسرشپ جنم لیتی ہے ایسی سنسرشپ جو کسی قانون سے نہیں، بلکہ خوف سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ پاکستان میں صحافت کو براہِ راست بند نہیں کیا گیا، بلکہ اسے آہستہ آہستہ محدود کر دیا گیا ہے۔ کچھ موضوعات حساس قرار دے دیے گئے، کچھ سوالات ناقابلِ قبول اور کچھ سچ قومی مفاد کے نام پر دفن کر دیے گئے۔ یوں صحافت اپنی روح کھوتی جا رہی ہے اور ایک ایسا ڈھانچہ بن رہی ہے جو نظر تو آتا ہے، مگر بول نہیں سکتا۔ المیہ یہ نہیں کہ صحافی مرتے ہیں المیہ یہ ہے کہ ان کے قاتل زندہ رہتے ہیں، آزاد رہتے ہیں، اور طاقتور رہتے ہیں۔ جب انصاف کا نظام خاموش ہو جائے تو ظلم ایک معمول بن جاتا ہے، اور جب سوال پوچھنے والے ختم ہو جائیں تو جواب دینے کی ضرورت بھی نہیں رہتی۔ صحافت کے عالمی دن پر پاکستان کو یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ کس طرف کھڑا ہے۔ کیا وہ ایک ایسا ملک بننا چاہتا ہے جہاں سچ بولنے کی قیمت جان ہو؟ یا وہ ایک ایسا معاشرہ بن سکتا ہے جہاں اختلاف کو برداشت کیا جائے، اور سوال کو جرم نہ سمجھا جائے؟ کیونکہ حقیقت سادہ ہے جب قلم کو خاموش کیا جاتا ہے، تو اندھیرے بولنے لگتے ہیں اور جب اندھیرے بولنے لگیں، تو پھر سچ صرف ایک یاد بن کر رہ جاتا ہے۔

قوم خوئیدادخیل بھی پاکستان اور کرم کا حصہ ہے

کرم کا خوبصورت گاوں تھانڑہ سے نل کا راستہ

)تحریر محمد خالق اورکزئی)

ضلع کرم (Kurram District) خیبر پختونخوا کا ایک اہم قبائلی ضلع ہے، جس کی تاریخ، قبائل اور ثقافت بہت منفرد ہے۔ میں آپ کو سادہ انداز میں اہم معلومات اور خاص طور پر خوئیدادخیل (Khuaidadkhel) کے بارے میں بتاتا ہوں: کرم ضلع کے اہم معلومات کرم پاکستان کے شمال مغرب میں افغانستان کے ساتھ سرحد پر واقع ہے kpboit.gov.pk اس پار اچنار ہے یہاں زیادہ تر آبادی پشتون (پٹھان) ہے اہم قبائل: بنگش (Bangash) طوری (Turi) اورکزئی (Orakzai) منگل (Mangal) زازی (Zazai) خوئیدادخیل مذہبی طور پر یہاں شیعہ اور سنی دونوں بڑی تعداد میں موجود ہیں خوئیدادخیل قوم (Khuaidadkhel) خوئیدادخیل کرم کے اہم پشتون قبائل میں شامل ہے "خیل" کا مطلب ہوتا ہے ایک قبیلے کی شاخ یا خاندانی قبیلہ عام طور پر بڑے پشتون قبائل کی ایک ذیلی شاخ (sub-tribe) ہوتا ہے زیادہ تر یہ لوگ: پشتو بولتے ہیں قبائلی رسم و رواج (جرگہ، غیرت، مہمان نوازی) پر عمل کرتے ہیں زراعت، تجارت یا سرکاری ملازمتوں سے وابستہ ہوتے ہیں کرم کی خاص باتیں کرم وادی ایک خوبصورت اور زرعی علاقہ ہے یہاں مونگ پھلی، چاول، سبزیاں اور پھل پیدا ہوتے ہیں Wikipedia موسم سردیوں میں بہت ٹھنڈا اور گرمیوں میں معتدل ہوتا ہے یہ علاقہ تاریخی طور پر قبائلی نظام اور جرگہ سسٹم کے لیے مشہور ہے اہم سماجی حقیقت کرم میں بھی کبھار قبائلی یا فرقہ وارانہ تنازعات بھی ہوتے رہے ہیں لیکن عام حالات میں لوگ پرامن طریقے سے اکٹھے رہتے ہیں اگر آپ چاہیں تو میں خوئیدادخیل قبیلے کی مکمل تاریخ، شجرہ (family tree)، یا کس علاقے میں رہتے ہیں اس پر مزید تفصیل بھی دے سکتا ہوں: اگر آپ "زادہ" کے بارے میں پوچھ رہے ہیں، تو Kurram District میں یہ نام عموماً ایک گاؤں علاقہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ زاوا (Zawa) تعارف زاوا کرم کے دیہی علاقوں میں واقع ایک بستی گاؤں ہے یہاں مختلف پشتون قبائل آباد ہیں، جن میں خوئیدادخیل جیسے قبائل بھی شامل ہو سکتے ہیں علاقے کا طرزِ زندگی زیادہ تر دیہی اور زرعی ہے قبائل اور سماج زاوا میں رہنے والے لوگ عام طور پر: پشتو بولتے ہیں قبائلی نظام (جرگہ) پر عمل کرتے ہیں خاندان اور قبیلے کی بنیاد پر

زمبابوے کیخلاف ہوم سیریز پاکستان ویمن ٹیم کیلئے بڑی اہم ہے، وہاب ریاض

کھلاڑیوں کو لیگ کیلئے باہر جانے کا بھی موقع ملنا چاہیے، اس سے ویمن کرکٹرز کو سیکھنے کا موقع ملے گا، انٹرویو

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے مینٹور وہاب ریاض نے کہا ہے کہ زمبابوے کے خلاف ہوم سیریز پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے لیے بڑی اہم ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ویمن ٹی 20 لیگ شروع کرنے کی بہت ضرورت ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ کھلاڑیوں کو لیگ کے لیے باہر جانے کا بھی موقع ملنا چاہیے، اس سے ویمن کرکٹرز کو سیکھنے کا موقع ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ زمبابوے ویمن کرکٹ ٹیم کے خلاف سیریز بڑی اہمیت کی حامل ہے، آئی سی سی چیمپئن شپ کا حصہ ہونے کی وجہ سے

ون ڈے سیریز سے ریٹنگ پوائنٹس ملیں گے جبکہ ٹی 20 سیریز سے ٹی 20 ورلڈ کپ کی تیاری کا موقع ملے گا۔ وہاب ریاض نے کہا کہ انگلینڈ میں ہونے والے ٹی 20 ورلڈ کپ کے سخت گروپ کا نہیں سوچنا چاہیے، بس اپنے اوپر یقین ہونا چاہیے، ٹی 20 ایسا فارمیٹ ہے کہ اس میں کوئی بھی ٹیم کسی کو بھی ہرا سکتی ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ ویمن کرکٹرز کی فٹنس اور فیلڈنگ ہمارے لیے فکر مندی والے شعبے ہیں، اسی وجہ سے سب سے زیادہ ان پر فوکس کیا ہے، پہلے کراچی اور پھر لاہور میں کیمپس لگائے اور ان پر کام کیا ہے، کھلاڑیوں کی کارکردگی میں جو بہتری نظر آئی ہے اس کی وجہ فٹنس کا بہتر ہونا ہے، اس کے علاوہ کھلاڑیوں کو ذہنی طور پر مضبوط کر رہے ہیں، کھیل کے بارے میں آگاہی کی بھی کمی ہے، اس پر بھی مسلسل کام کیا جا رہا ہے۔ وہاب ریاض نے کہا کہ ویمن کرکٹرز کو مین کرکٹرز کے مقابلے میں کم میچز ملتے ہیں، ایکسپوژر کی کمی ہے، اسی لیے انٹرنیشنل کرکٹ جب کھیلتی ہیں تو کم میچز کے تجربے کی وجہ سے فیصلے نہیں کر پاتیں، کھلاڑیوں کو اپنے اوپر یقین نہیں ہوتا کہ وہ یہ کر پائیں گی یا نہیں۔ واضح رہے کہ زمبابوے ویمن کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ پاکستان کا دورہ کر رہی ہے، سیریز کا پہلا ون ڈے میچ 4 مئی کو کھیلا جائے گا۔

کراؤڈ کو پی ایس ایل میں لانے کی پوری کوشش کرینگے، محسن نقوی

موجودہ حالات میں پی ایس ایل کروانا بڑی بات ہے، سیکیورٹی فورسز کو پی ایس ایل کی کامیابی کا کریڈٹ جاتا ہے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (سپورٹس نیوز) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں کراؤڈ سے متعلق کہا ہے کہ اس حوالے سے وزیراعظم سے بات کروں گا، کراؤڈ کو لانے کی پوری کوشش کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ کافی دنوں بعد فرنچائزز کے نمائندگان سے ملاقات ہوئی۔ جب ان سے ایونٹ میں کراؤڈ کی عدم موجودگی کا سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ کراؤڈ سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف سے دوبارہ بات کروں گا، ہمیں دیکھنا ہوگا دنیا میں کیا کرائسس چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پی ایس ایل کروانا بڑی بات ہے، سیکیورٹی فورسز کو پی ایس ایل کی کامیابی کا کریڈٹ جاتا ہے۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ کراؤڈ کو پی ایس ایل میں لانے کی پوری کوشش کریں گے، فرنچائزز کو گیٹ منی کا پیسہ ملے گا، پی سی بی گیٹ منی کے اخراجات اٹھائے گا۔ محسن نقوی نے خطے کی صورتحال اور ایران امریکا کے درمیان پاکستان کے ثالثی کے کردار پر کہا کہ امن قائم کرنے کی کوشش ہے۔ وزیراعظم، فیلڈ مارشل سب امن چاہتے ہیں۔ بھارت میں پیٹرولیم مصنوعات کی صورتحال پر محسن نقوی نے کہا کہ بھارت میں پیٹرول پمپس پر لمبی قطاریں لگی ہوئی ہیں، بھارت میں پیٹرول کی قلت ہے۔ پاکستان میں پیٹرول کی قلت نہیں ہے۔ کراچی اسٹیڈیم میں تزین و آرائش پر بات کرتے ہوئے چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ نیشنل بینک کرکٹ ارینا میں تبدیلیوں کو دیکھ رہے ہیں، یہ اسٹیڈیم توڑ کر دوبارہ بنانے کا ارادہ ہے۔ چیئرمین آئی سی سی سے متعلق افواہوں پر محسن نقوی کا کہنا تھا کہ مجھ پر اور بھی کافی ذمہ داریاں ہیں۔

☆☆☆☆

آصف محمود کا دوبارہ پاکستان کیلئے کھیلنے سے متعلق ذومعنی جواب

کیا شائقین انہیں دوبارہ قومی ٹیم میں دیکھ سکتے ہیں، سوال..... مسکراتے ہوئے کوئی جواب نہیں کہہ کر بات ٹال دی

کراچی (سپورٹس نیوز) پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن میں حیدرآباد کنگزمن کے فاسٹ بولر آصف محمود نے قومی ٹیم میں واپسی سے متعلق سوال پر ذومعنی انداز میں جواب دیا۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے خلاف شاندار کارکردگی دکھانے والے آصف محمود سے 'پچ سائیڈ پوسٹ میچ شو' کے دوران ثناء میر نے پاکستان انڈر 19 کے تجربے کی یاددہانی کراتے ہوئے پوچھا کہ کیا شائقین انہیں دوبارہ قومی ٹیم میں دیکھ سکتے ہیں۔ قومی ٹیم میں واپسی سے متعلق سوال پر آصف محمود نے مسکراتے ہوئے کوئی جواب نہیں کہہ کر بات ٹال دی۔ سابق کپتان ثناء میر اور میزبان زینب عباس نے بھی اس ردعمل کو دانشمندانہ قرار دیا اور کہا کہ ایسے مواقع پر خاموشی بھی بہت کچھ بیان کر دیتی ہے۔ ثناء میر نے کہا کہ عثمان خان نے جب سنچری کی تھی تو ہم نے ان سے بھی یہ سوال کیا تھا اور ان کا جواب بھی بالکل ایسا ہی تھا۔

پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے، آسٹریلوی کرکٹر

ملتان سلطانز کے آسٹریلوی کرکٹر جاش فلپی نے پاکستان سپر لیگ کو بہترین لیگ قرار دیدیا

کراچی (این این آئی) ملتان سلطانز کے آسٹریلوی کرکٹر جاش فلپی نے پاکستان سپر لیگ کو بہترین لیگ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ہمیشہ سے پاکستان سپر لیگ کھیلنے کی خواہش رہی ہے اس بار آسٹریلوی کرکٹرز کی بڑی تعداد پی ایس ایل میں ایکشن میں ہے پاکستان کی کنڈیشنز میں کھیلنے کا تجربہ بالکل مختلف ہوگا۔ جاش فلپی نے کہا کہ بابر اعظم سے بگ بیش لیگ میں ملاقات ہو چکی ہے وہ بہترین کھلاڑی ہیں ان سے لیگ کے بارے میں گفتگو ہوئی، آن اینڈ آف تمام کھلاڑیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل میں ٹاپ کوالٹی اور بہترین کرکٹ دیکھنے کو مل رہی ہے کھلاڑی کارکردگی دکھانے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ جاش فلپی نے کہا کہ ابھی تک پی ایس ایل کی دیگر ٹیموں کے خلاف کھیلنے کا موقع نہیں ملا۔

پاکستان پولیس سپورٹس کی خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم نے کانسی کا تمغہ اپنے نام کرلیا

پشاور میں منعقدہ 61 ویں نیشنل چیمپئن شپ 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ دکھایا

لاہور (این این آئی) پشاور میں منعقدہ 61 ویں نیشنل چیمپئن شپ 2026 میں پاکستان پولیس سپورٹس کی خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ اپنے نام کرلیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ اس قومی ایونٹ میں آرمی، واپڈا، ایف آئی اے اور پاکستان ریلوے سمیت ملک بھر کی مختلف ٹیموں نے شرکت کی، جہاں پاکستان پولیس کی خواتین کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے پاکستان پولیس خواتین ٹیبل ٹینس ٹیم کو میڈل جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پاکستان پولیس کی خواتین کھلاڑیوں نے اپنی محنت اور لگن سے محکمے کا نام روشن کیا ہے، قومی اور بین الاقوامی سطح پر میڈلز جیتنے والے کھلاڑی محکمے کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی حوصلہ افزائی جاری رکھی جائے گی۔ ڈائریکٹر جنرل پاکستان پولیس سپورٹس بورڈ ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد اور چیف سپورٹس آفیسر ڈی آئی جی اطہر اسماعیل امجد نے بھی فاتح کھلاڑیوں کو شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆☆☆

سڈنی، فٹبال لیگ میچ کے دوران کھلاڑی بال کے حصول کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں

پی ایس ایل کا حصہ بننا شاندار تجربہ ہے، اسلام آباد یونائیٹڈ میں مجھے بہترین ساتھی ملے، ڈیون کونوے

پاکستان میں وقت بہت شاندار گزرا، کھانا بہترین ہے، لوگ بہترین ہیں اور ہوٹل بھی شاندار ہیں، اسلام آباد یونائیٹڈ کے کھلاڑی کی گفتگو

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) ایچ بی ایل پی ایس ایل میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کرنے والے نیوزی لینڈ کے کھلاڑی ڈیون کونوے نے کہا ہے کہ پی ایس ایل کا حصہ بننا شاندار تجربہ ہے، اسلام آباد یونائیٹڈ میں مجھے بہترین ساتھی ملے۔ پی سی بی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کا حصہ بننا شاندار تجربہ ہے، اسلام آباد یونائیٹڈ میں مجھے بہترین ساتھی ملے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے مارک چیپمین، ڈیرل مچل اور کوچ لیوک رونکی سے پی ایس ایل میں کھیلنے کے بارے میں بات چیت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ میں اس سے پہلے نیوزی لینڈ ٹیم کے ساتھ کراچی، اسلام آباد اور لاہور آ چکا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں وقت بہت شاندار گزرا، کھانا بہترین ہے، لوگ بہترین ہیں اور ہوٹل بھی شاندار ہیں۔ ڈیون کونوے نے کہا کہ کچھ سال پہلے نیوزی لینڈ کے ساتھ دورہ پاکستان پر کراچی کے ٹیسٹ میچ کی بہت اچھی یادیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل میں فاسٹ بولرز کی کارکردگی شاندار رہی ہے، ہر ٹیم میں ایسے بولرز ہیں جو 140 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد رفتار سے گیند کر رہے ہیں۔ ڈیون کونوے نے کہا کہ ٹیموں نے 200 سے زائد رنز بھی بنائے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پچز بہت اچھی رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمیر منہاس باصلاحیت ہیں اور اوپر کے نمبر پر ایک بہترین بلیبازہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکواڈ میں نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ قریب سے کام کرنا دلچسپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سب لوگ بہت خوش اخلاق اور بات کرنے میں نہایت دوستانہ ہیں۔

عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہی، یشما گل

آسٹریلیا میں نفسیات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 2016 میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا، اداکارہ

کراچی (این این آئی) نامور پاکستانی اداکارہ یشما گل نے کہا ہے کہ میں ایک عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہی، تحقیق کے بعد ایمان کی

طرف لوٹ آئی۔ اداکارہ یشما گل نے ایک پوڈ کاسٹ میں انکشاف کیا کہ انہوں نے ماضی میں ڈاکٹر ذاکر نائیک سے تقدیر اور انسان کی مرضی واختیار کے بارے میں سوال کیا تھا۔ یشما نے بتایا کہ وہ ایک عرصے تک الحاد کی طرف مائل رہیں لیکن تحقیق کے بعد دوبارہ ایمان کی طرف لوٹ آئیں۔ یشما نے سوال کیا تھا، اگر تقدیر پہلے سے لکھی جا چکی ہے تو انسان کا اختیار کہاں سے آتا ہے؟، جس کا جواب ڈاکٹر نائیک نے یوں دیا تھا کہ اللہ جانتا ہے انسان کون سا راستہ اختیار کرے گا، لیکن انتخاب انسان خود کرتا ہے۔ تاہم اب تازہ پوڈ کاسٹ میں یشما نے اپنی ذاتی تشریح بیان کرتے ہوئے کہا، ہر دن انسان کے سامنے کئی دروازے کھلتے ہیں اور وہ اپنی مرضی سے کوئی ایک دروازہ کھولتا ہے۔ تاہم اس انتخاب کے نتائج پہلے سے لکھے ہوتے ہیں۔ ان کے مطابق اللہ سے تعلق جتنا مضبوط ہوگا، اتنی ہی بہتر رہنمائی ملے گی کہ کون سا دروازہ کھولنا ہے۔ انہوں نے ایمان کو ریڈیو سگنل سے تشبیہ دی اور کہا، جیسے ریڈیو پر صحیح فریکوئنسی پر آنے کے بعد آواز صاف سنائی دیتی ہے، ویسے ہی ایمان کو ذکر اور نماز سے چارج کرنا پڑتا ہے تاکہ اللہ کی رہنمائی واضح طور پر مل سکے۔ یشما گل پاکستانی ٹی وی اور فلم کی معروف اداکارہ ہیں، جنہوں نے آسٹریلیا میں نفسیات کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد 2016 میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

مجھے اپنے شوہر سے بہتر کوئی دوست نہیں ملا: حنا بیات

اللہ تعالی نے جتنی زندگی لکھی ہے وہ آپ کو شکر ادا کرتے ہوئے جینی چاہیے

کراچی (آئی این پی) سینئر اداکارہ حنا بیات نے کہا ہے کہ انہیں اپنے شوہر سے بہتر دوست آج تک نہیں مل سکا۔ سوشل میڈیا پر ایک انٹرویو میں حنا بیات نے اپنے شوہر سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ میرے بہترین دوست تھے، بہت اچھا بہت خوبصورت ساتھ تھا میرا میرے شوہر کے ساتھ، جب وہ بیمار تھے میں زیادہ سے زیادہ وقت ان کے ساتھ گزارنا چاہتی تھی اور وہ مجھے کہتے تھے کہ تم نے اپنی زندگی جینی ہے۔ حنا بیات نے کہا کہ اللہ تعالی نے جتنی زندگی لکھی ہے وہ آپ کو شکر ادا کرتے ہوئے جینی چاہیے۔ پی) سینئر اداکارہ حنا بیات نے کہا ہے کہ انہیں اپنے شوہر سے بہتر دوست آج تک نہیں مل سکا۔ سوشل میڈیا پر ایک انٹرویو میں حنا بیات نے اپنے شوہر سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ میرے بہترین دوست تھے، بہت اچھا بہت خوبصورت ساتھ تھا میرا میرے شوہر کے ساتھ، جب وہ بیمار تھے میں زیادہ سے زیادہ وقت ان کے ساتھ گزارنا چاہتی تھی اور وہ مجھے کہتے تھے کہ تم نے اپنی زندگی جینی ہے۔ حنا بیات نے کہا کہ اللہ تعالی نے جتنی زندگی لکھی ہے وہ آپ کو شکر ادا کرتے ہوئے جینی چاہیے۔

معروف یوٹیوبر اور وی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار

ایمان فاطمہ نے رجب بٹ کی بیٹے کے ساتھ وائرل ویڈیو کی حقیقت بے نقاب کردی

کراچی (این این آئی) معروف یوٹیوبر اور وی لاگر رجب بٹ ایک بار پھر تنازع کا شکار ہو گئے، ان کی مبینہ طور پر بیٹے کیوان سلطان کے ساتھ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، تاہم ان کی اہلیہ ایمان فاطمہ نے اس ویڈیو کی حقیقت بیان کردی۔ رجب بٹ اور ایمان فاطمہ کی شادی شاندار انداز میں ہوئی تھی، تاہم دونوں زیادہ عرصہ ساتھ نہ رہ سکے، شادی کے کچھ عرصے بعد رجب بٹ بیرون ملک چلے گئے جبکہ ایمان فاطمہ حمل کے باعث پاکستان میں ہی رہیں۔ بعد ازاں رجب بٹ کے مبینہ تعلقات کی خبریں بھی سامنے آئیں اور اب دونوں کے درمیان علیحدگی ہو چکی ہے، دونوں کا ایک بیٹا کیوان سلطان ہے جو اس وقت اپنی والدہ کے ساتھ رہ رہا ہے۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو سامنے آئی جس میں دعوی کیا گیا کہ رجب بٹ اپنے بیٹے کے ساتھ موجود ہیں، جس پر صارفین نے خوشی کا اظہار بھی کیا۔ تاہم ایمان فاطمہ نے انسٹاگرام پر وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ یہ ویڈیو جعلی ہے اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے بنائی گئی ہے، جبکہ ویڈیو میں موجود بچہ ان کا بیٹا نہیں ہے۔ انہوں نے اسے کم عمر بچے کا استحصال قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مواد کو ذاتی فائدے کے لیے استعمال کرنا بند کیا جائے، کیوان کے چہرے سے ظاہر ہونے والی

ویڈیو پورے سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے یہ کوئی حقیقی دلکش لمحہ نہیں تھا، یہ منصوبہ بندی کی گئی، ویڈیو ریکارڈ کی گئی اور پھر جان بوجھ کر رجب کی جانب سے لیک کردی گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ رجب کے دوستوں اور کزن نے صرف عید کے دن سوشل میڈیا پر اپنے مواد کے لیے کیوان کی ویڈیو بنائی، رجب بٹ نے مجھ سے وعدہ کیا تھا اور میڈیا پر پوڈ کاسٹ میں اعلان بھی کیا تھا کہ ہم اپنے بیٹے کو کچھ سالوں تک میڈیا پر نہیں لائیں گے۔ ایمان فاطمہ نے رجب بٹ پر بھی تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ یہ ویڈیو کسی تیسرے فریق کے ذریعے لیک کی گئی ہے اور صرف ایک بار بچے سے ملاقات کو خوبصورت یاد بنا کر پیش کرنا اور اسے استعمال کرنا قابل قبول نہیں۔

اداکارہ تانیا چیٹرجی نے یوزویندر چہل کا نجی میسیج لیک کردیا

سوشل میڈیا صارفین اس میسیج کو ایک معروف کرکٹر کیلیے غیر پیشہ ورانہ رویہ قرار دے رہے ہیں

بھارتی کرکٹر یوزویندر چہل ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئے ہیں، لیکن اس بار معاملہ میدانِ کرکٹ نہیں بلکہ سوشل میڈیا پر ہونے والی ایک مختصر گفتگو نے طول پکڑ لیا ہے۔ بالغانہ ویب سیریز بنانے والے ادارے الو کی اداکارہ تانیا چیٹرجی نے دعوی کیا ہے کہ چہل نے ان کی انسٹاگرام اسٹوری پر صرف ایک لفظ Cute لکھ کر ردعمل دیا، جسے انہوں نے میڈیا کے ساتھ شیئر کردیا۔ یہ معاملہ بظاہر معمولی تھا، مگر دیکھتے ہی دیکھتے سوشل میڈیا پر بحث کا طوفان کھڑا ہوگیا۔ کچھ صارفین کا کہنا ہے کہ کسی کی تعریف کرنا کوئی بڑی بات نہیں، جبکہ دوسرے حلقے اسے ایک معروف کرکٹر کے لیے غیر پیشہ ورانہ رویہ قرار دے رہے ہیں۔ تانیا چیٹرجی کی جانب سے اس نجی پیغام کو منظرِ عام پر لانے کے بعد یہ سوال بھی اٹھنے لگا ہے کہ کیا سوشل میڈیا پر ذاتی حدود اب باقی نہیں رہیں؟ کئی صارفین نے اداکارہ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ معمولی بات کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا، جبکہ کچھ افراد نے چہل کے رویے پر بھی سوال اٹھائے۔ یہ پہلا موقع نہیں جب یوزویندر چہل کسی تنازع کا حصہ بنے ہوں۔ اس سے قبل ان کی ذاتی زندگی، شادی، طلاق اور مبینہ تعلقات کے حوالے سے بھی خبریں گردش میں رہ چکی ہیں، جس کے باعث وہ اکثر خبروں میں رہتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس پورے معاملے پر خود چہل کی جانب سے کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا، جس کے باعث قیاس آرائیاں مزید بڑھ گئی ہیں

☆☆☆☆☆☆

والد کی شادی سے متعلق پیشگوئی درست ثابت ہوئی، نادیہ افگن

والد بڑے دوراندیش تھے اور انہوں نے انہیں پہلی شادی سے پہلے ہی خبردار کردیا تھا کہ یہ رشتہ زیادہ دیر نہیں چل پائے گا، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اور باصلاحیت اداکارہ نادیہ افگن نے انکشاف کیا کہ ان کے والد کی شادی سے متعلق پیشگوئی درست ثابت ہوئی، مگر مشکل وقت میں انہی کے سہارے وہ اس رشتے سے نکل کر آگے بڑھ سکیں۔ حال ہی میں وہ آمنہ حیدر عیسانی کے یوٹیوب شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی کے ایک حساس پہلو پر کھل کر بات کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ان کے والد بڑے دوراندیش تھے اور انہوں نے انہیں پہلی شادی سے پہلے ہی خبردار کر دیا تھا کہ یہ رشتہ زیادہ دیر نہیں چل پائے گا۔ ان کے مطابق والد نے کہا تھا کہ تم دونوں ایک دوسرے سے بہت مختلف ہو اور کوئی بھی باپ اپنی اولاد کے لیے ہمیشہ بہتر ہی سوچتا ہے۔ نادیہ افگن نے مزید بتایا کہ شادی کے موقع پر جب ان کی بارات لاہور سے راولپنڈی آئی تھی تب بھی ان کے والد نے انہیں کہا کہ ابھی بھی وقت ہے مہمانوں کو کھانا کھلا کر واپس بھیج دو۔ بقول نادیہ والد نے زور دیا کہ اگر تم چاہو تو یہ فیصلہ بدل سکتی ہو اور گھر والے اس بات پر ناراض نہیں ہوں گے۔ تاہم، انہوں نے اپنے والد کی بات نہ مانی اور کہا کہ سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ اداکارہ کے مطابق، شادی کے چند ماہ بعد ہی انہیں احساس ہو گیا تھا کہ ان کے والد کی بات درست تھی، مگر اس کے باوجود انہوں نے رشتہ نبھانے کی کوشش کی۔ ایک سال تک حالات بہتر نہ ہوئے تو آخرکار انہوں نے علیحدگی کا فیصلہ کر لیا۔ اس مشکل وقت میں ان کے والد نے ان کا بھرپور ساتھ دیا اور انہیں حوصلہ دیا کہ اگر رشتہ خوشی نہ دے تو اسے ختم کر دینا بہتر ہے، خاص طور پر بچوں سے پہلے۔ ورنہ بہت دیر ہو جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی چیز واضح طور پر غلط محسوس ہو تو اپنا قیمتی وقت اسے ٹھیک کرنے میں ضائع کرنے کے بجائے اسے چھوڑ دینا ہی بہتر ہے۔ نادیہ افگن کے مطابق والد نے ہر قدم پر میری حوصلہ افزائی کی، انہوں نے مجھ سے کہا کہ کوئی بات نہیں تم اپنے باپ کے گھر واپس آ سکتی ہو، بجائے اس کے کہ زندگی بھر سسکتی رہو اور انہی کی بدولت میں اپنی زندگی کے اس بڑے صدمے سے نکل سکی۔ اداکارہ نے کہا کہ زندگی میں بعض اوقات آگے بڑھ جانا ہی بہترین فیصلہ ہوتا ہے اور انسان کو وقت پر حقیقت کو قبول کر لینا چاہیے۔ نادیہ افگن تقریباً 27 سال سے شوبز انڈسٹری سے وابستہ ہیں اور اپنی شاندار اداکاری کے باعث مداحوں میں خاصی مقبول ہیں۔ انہوں نے کامیڈی سیریل شاشلیک سے شہرت حاصل کی اور اس کے بعد کئی کامیاب ڈراموں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، جن میں سنو چندا، کالا ڈوریا اور کابلی پلا شامل ہیں۔

ایک سین کی شوٹنگ کے دوران میری کمر اچ ایم آئی لائٹ سے جل گئی تھی، شلپا شیٹی

میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی کہ میری وجہ سے پروڈکشن کو کسی قسم کا نقصان ہو، اسی لیے مشکل کے باوجود کام جاری رکھا، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شلپا شیٹی نے اپنے کیریئر کے ابتدائی دنوں کا ایک مشکل واقعہ یاد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ میں شوٹنگ کے دوران جلنے کے باوجود کام جاری رکھے ہوئے تھی۔ حال ہی میں ایک شو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ ایک سین کی شوٹنگ کے دوران میری کمر اچ ایم آئی لائٹ سے جل گئی تھی، اس وقت مجھے فوری طور پر احساس نہیں ہوا، تاہم کچھ دیر بعد جلن شروع ہوئی تو چوٹ کا اندازہ ہوا۔ شلپا شیٹی نے کہا کہ سین کے مطابق مجھے فریم سے باہر نکلنا تھا اور پیچھے موجود لائٹ سے میری کمر ٹکرا کر جل گئی۔ انہوں نے بتایا کہ عام طور پر جلنے کی شدت کا احساس فوری نہیں ہوتا بلکہ بعد میں ہوتا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ چوٹ کے باوجود میں اگلے دن بھی شوٹنگ کے لیے پہنچ گئی، تاہم زخم کی وجہ سے لباس پہننے میں دشواری پیش آئی، میں نے لباس کو زپ کے بجائے سامنے سے پہن کر دھاگوں سے سلوا لیا تاکہ تکلیف کم ہو۔ شلپا شیٹی کا کہنا ہے کہ میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی کہ میری وجہ سے پروڈکشن کو کسی قسم کا نقصان ہو، اسی لیے مشکل کے باوجود کام جاری رکھا۔ تاہم زخم کی وجہ سے لباس پہننے میں دشواری پیش آئی، میں نے لباس کو زپ کے بجائے سامنے سے پہن کر دھاگوں سے سلوا لیا تاکہ تکلیف کم ہو۔ شلپا شیٹی کا کہنا ہے کہ میں ہمیشہ اپنے کام سے مخلص رہی ہوں اور نہیں چاہتی تھی کہ میری وجہ سے پروڈکشن کو کسی قسم کا نقصان ہو، اسی لیے مشکل کے باوجود کام جاری رکھا۔

☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1

بچے اہل ہوں گے، سرکاری ملازم یا پنشنر اور صاحب نصاب رحمت کارڈ کے ذریعے امداد کے حقدار نہیں ہوں گے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب رحمت کارڈ کے لئے موبائل ایپ کے ذریعے بھی اپلائی کیا جاسکتا ہے اس کے علاوہ ویب پورٹل (https://rahmatcard.punjab.gov.pk) پر اپلائی کیا جاسکتا ہے۔ بریفنگ میں یہ بھی بتایا گیا کہ شہریوں کی رہنمائی اور مدد کیلیے ہیلپ لائن 1077 بنائی گئی ہے جس پر رابطہ کر کے معلومات لی جاسکتی ہے، مستحقین کا انتخاب پنجاب سماجی و اقتصادی رجسٹری (PSER) کے ڈیٹا بیس کے ذریعے کیا جائے گا۔ پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری (PSER) ڈیٹا بیس کے تحت ضلعی کوٹے کی بنیاد پر مستفید ہونے والوں کا حتمی انتخاب ہوگا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ PSER میں رجسٹریشن نہ ہونے کی صورت میں درخواست دہندہ کے ڈیٹا کی نادارا سے تصدیق کی جائے گی جبکہ مالی امداد کی جاز کیش والٹ اکاؤنٹ کے ذریعے ادائیگی کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر جاز والٹ اکاؤنٹ سروس چارجز حکومت ادا کرے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے رحمت کارڈ پروگرام کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ کی بنیاد پر زکوٰۃ فنڈز کے استعمال کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پروگرام کا مقصد مستحقین کے سماجی وقار اور معاشی خودمختاری کو یقینی بنانا ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ رحمت کارڈ پراجیکٹ قائد محمد نواز شریف کی رہنمائی میں شروع کیا گیا، سلسلہ آگے بڑھائیں گے، خواہش ہے پنجاب میں کوئی بیوہ اور یتیم بچہ خود کو بے سہارا اور بے بس محسوس نہ کرے۔ روایتی سیاست کی بجائے عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔

بقیہ 2

ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت مزدوروں کے حقوق کے تحفظ، محفوظ اور صحت مند کام کے ماحول کی فراہمی اور تمام شعبوں میں منصفانہ اجرتوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ جمعہ کو عالمی یومِ مزدور 2026 کے موقع پر جاری پیغام میں پروفاقی وزیر نے پاکستان کے محنت کش طبقے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ورک فورس کی محنت، مہارت اور ثابت قدمی ملک کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ حکومت لیبر پروٹیکشن کے نظام کو مزید مضبوط بنانے اور قومی پالیسیوں کو بین الاقوامی معیارات، بالخصوص انٹرنیشنل لیبر ارگنائزیشن کے اصولوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام اقدامات وقار، مساوات اور باہمی احترام کے اصولوں کے تحت کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایک منصفانہ، باوقار اور جامع ماحول کے قیام کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی تاکہ محنت کشوں کے وقار کو یقینی بنایا جا سکے اور ہر کارکن کی خدمات کو تسلیم کیا جاسکے۔

بقیہ 3

حسین نے کہا ہے کہ حکومت مزدوروں کے حقوق، فلاح و بہبود اور تحفظ کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، محنت کشوں کو سازگار اور محفوظ ماحول، منصفانہ اجرت، سماجی تحفظ اور مساوی مواقع فراہم کرنا صرف پالیسی ترجیح نہیں بلکہ ہماری اخلاقی ذمہ داری بھی ہے۔ جمعہ کو یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے عظیم محنت کشوں کو خراجِ تحسین پیش کیا جنہوں نے اپنی جدوجہد سے مزدوروں کے حقوق کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش کسی بھی قوم کی ترقی کا بنیادی ستون ہوتے ہیں۔ ملکی معیشت، صنعت اور عالمی سطح پر ساکھ میں ہمارے مزدوروں کا کردار نہایت اہم ہے، حکومت مزدوروں کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے، ہم نے نہ صرف قومی سطح پر بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے موثر اور ٹھوس اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے اہم کنونشنز کی توثیق کرتے ہوئے پاکستان مزدوروں کو تمام بنیادی حقوق کی فراہمی کے کوشاں ہے، ہم اقوامِ متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف، خصوصاً باوقار روزگار، معاشی ترقی اور سماجی تحفظ سے متعلق اہداف کے لیے بھی اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، ہماری افرادی قوت مشکل حالات کے باوجود غیر معمولی ثابت قدمی کا مظاہرہ کر رہی ہے، گزشتہ سال وزارت سمندر پار پاکستانیز وانسانی وسائل کی ترقی نے مزدوروں کی فلاح و بہبود اور تحفظ کے لیے اہم اقدامات کیے۔ نمایاں کامیابیوں میں 7 لاکھ 62 ہزار سے زائد پاکستانیوں کو بیرونِ ملک روزگار کی فراہمی، ترسیلاتِ زر میں تقریباً 40 ارب ڈالر تک اضافہ، اور اٹلی، قطر، جنوبی کوریا، بیلاروس اور دوسرے کئی ممالک کے ساتھ دوطرفہ معاہدوں کے ذریعے نئی ملازمتوں کے مواقع شامل ہیں۔ وزارت نے مالی معاونت میں اضافہ کرتے ہوئے شادی گرانٹ کو 4 لاکھ روپے سے بڑھا کر 6 لاکھ روپے اور ڈیتھ گرانٹ کو 8 لاکھ روپے سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے کر دیا ہے، بہت جلد اسلام آباد میں صنعتی مزدوروں کو گھروں اور فلیٹس کی میرٹ کی بنیاد پر الاٹمنٹ کی جائے گی، ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس انسٹی ٹیوشن کے تحت پنشنرز کے لیے پنشن میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پنشن کے نظام کو مزید شفاف اور موثر بنانے کے لیے اصلاحات بھی متعارف کروائی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اداروں میں ڈیجیٹل اصلاحات کی گئی ہیں، ورکرز ویلفیئر فنڈ موبائل ایپ اور ای-پروٹیکٹر سسٹم کے اجرا سے شفافیت اور خدمات کی فراہمی میں بہتری آئی ہے۔ غیر قانونی بھرتی ایجنٹس کے لائسنس منسوخ کر کے مزدوروں کو استحصال سے بچانے کے لیے سخت اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سوچ ایک ایسے جامع اور منصفانہ معاشرے کی تعمیر ہے جہاں ہر مزدور کو عزت، سماجی تحفظ اور بااختیار حیثیت حاصل ہو کیونکہ ہمارے مزدور ہی اس قوم کے اصل کفیل ہیں، ان کی محنت اور قربانی سے پاکستان کی معیشت کا پہیہ چلتا ہے اور مضبوط ہوتا ہے۔ چوہدری سالک حسین نے مزدوروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی خوشحالی اور کامیابی کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مزدوروں اور ان کے خاندانوں کو مکمل معاونت فراہم کرنے، ان کے سماجی تحفظ اور سب کے لیے سماجی انصاف کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

بقیہ 4

عالمی یومِ مزدور کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں ملک بھر کے محنت کشوں، مزدوروں اور دیہاڑی دار طبقے کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزدور قوم کی اصل طاقت، معیشت کا ستون اور ملکی ترقی کے حقیقی معمار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یومِ مزدور ہمیں محنت کش طبقے کی قربانیوں، جدوجہد اور حقوق کے حصول کیلئے دی جانے والی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ ایک منصفانہ، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کیلئے مزدوروں کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ محنت کش طبقے کے حقوق کی علمبردار رہی ہے اور پارٹی کا نظریہ معاشی انصاف، مساوی مواقع اور عوامی خوشحالی پر مبنی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک میں مزدوروں کو شناخت، عزت اور قانونی حقوق فراہم کیے جبکہ شہید بے نظیر بھٹو نے فلاحی ریاست کے تصور کو مضبوط بنا کر محنت کش طبقے کی آواز کو مزید تقویت دی۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کے دورِ حکومت میں مزدور دوست پالیسیوں کو فروغ ملا اور غریب و مستحق طبقات کی فلاح کیلئے متعدد اقدامات کیے گئے۔ شازیہ مری نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے بالخصوص خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کیا اور لاکھوں خاندانوں کو سہارا فراہم کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج بھی مزدور طبقہ مہنگائی، بے روزگاری اور کم اجرت جیسے مسائل کا سامنا کر رہا ہے، تاہم پاکستان پیپلز پارٹی محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ شازیہ مری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پارٹی ہر سطح پر مزدوروں کے ساتھ کھڑی رہے گی اور ان کے جائز حقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ 5

کے مزدوروں سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں مشعال ملک نے کہا کہ عالمی برادری مقبوضہ کشمیر کے مزدوروں کی حالت زار کا نوٹس لے، بھارتی مظالم نے کشمیری مزدوروں کو بدترین مشکلات میں دھکیل دیا، مقبوضہ کشمیر میں محنت کش طبقہ بنیادی حقوق سے محروم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کشمیری مزدوروں کی آواز بنے اور عملی اقدامات کرے، کشمیری مزدور معاشی اور انسانی بحران کا شکار ہیں۔ مشعال ملک نے کہا کہ اقوام عالم مقبوضہ کشمیر میں ظلم کے خاتمے کیلئے کردار ادا کرے، یوم مزدور کشمیری محنت کشوں کی مدد کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔

بقیہ 6

بھر کے محنت کشوں کو سلام پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ محنت کش کے پسینے سے ہی ترقی کی داستانیں رقم ہوتی ہیں، ملک کی ترقی میں محنت کشوں کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، یہ دن ان ہاتھوں کی عظمت کا اعتراف ہے جو خاموشی سے معیشت کو استحکام بخشتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزدور صرف ایک فرد نہیں بلکہ کسی بھی ملک کی ترقی کا اصل ستون ہے، جس کے بغیر خوشحالی کا خواب ادھورا رہتا ہے، دین اسلام میں محنت کو ایک عبادت اور محنت کش کو قابلِ احترام قرار دیا گیا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ آئین پاکستان بھی محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ، مناسب اجرت اور بہتر کام کے ماحول کی ضمانت فراہم کرتا ہے، محنت کشوں کی ترقی ہی پاکستان کی ترقی ہے، مزدوروں کی محنت ہی قوموں کی اصل طاقت اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ یہ دن اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ ہم مزدوروں کے حقوق کیلئے آواز بلند اور ان کی محرومیوں کا خاتمہ کریں گے۔

بقیہ 7

لیٹر کمی کردی گئی۔ جیٹ فیول کی فی لیٹر قیمت 396 روپے 31 پیسے سے کم ہو کر 388 روپے 58 پیسے ہوگئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مٹی کے تیل کی قیمت میں 4 روپے 45 پیسے فی لیٹر کمی کی گئی ہے۔ مٹی کی تیل کی قیمت 365 روپے 21 پیسے سے کم کر کے 360 روپے 76 پیسے فی لیٹر کردی گئی۔

بقیہ 8

پار کر گیا۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے ایک اور پاکستانی جہاز کو ہرمز سے گزرنے کی خصوصی اجازت دے دی، پاکستانی بحری جہاز آبنائے ہرمز پار کرنے کے بعد خلیج عمان میں داخل ہوگیا۔ شپنگ ذرائع کے مطابق پی این ایس سی کا خیر پور نامی جہاز 8 کروڑ لیٹر ڈیزل لے کر پاکستان آ رہا ہے۔ ذرائع پی این ایس سی کے مطابق پاکستانی جہاز کویت کی پورٹ سے تیل لے کر نکلا تھا، خیر پور نامی جہاز دو سے تین روز میں کراچی بندرگاہ پہنچ جائے گا۔ اوگرا حکام نے کہا کہ جہاز کی آمد سے ملک میں تیل کے ذخائر میں مزید اضافہ ہوگا۔

بقیہ 9

امریکا ایران تنازع میں پاکستان کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی امن کوششیں صرف خطے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے بہترین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت ساری کورین کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری کی خواہاں ہیں، وہ پاکستان کو محفوظ ترین اور پرکشش ملک سمجھتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کورین کمپنیوں کو بالخصوص مینوفیکچرنگ اور توانائی کے شعبوں میں پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ہے۔ اس موقع پر جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر امن کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے سیپا مذاکرات کو تیز کرنے اور مقررہ مدت میں معاہدہ مکمل کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے زراعت، ٹیکسٹائل، معدنیات اور اسپورٹس گڈز کے شعبوں میں موجود مواقع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا اور افریقہ کے لیے ایک اہم تجارتی گیٹ وے بن سکتا ہے۔ جام کمال خان نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کورین کمپنیوں کو درپیش مسائل کے حل کی یقین دہانی بھی کرائی۔ ملاقات میں مشترکہ تجارتی کمیٹی کے قیام اور اسے فعال بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سیکرٹری تجارت جواد پال نے اس موقع پر متوازن ٹیرف پالیسی کی ضرورت پر زور دیا جبکہ دونوں ممالک نے باہمی اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 10

بڑی عید کے موقع پر عوام کو مایوس نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سخت گرمی کے دوران بھی ستھرا پنجاب کے ہیروز گلیوں سڑکوں پر متحرک رہتے ہیں۔ وزیر بلدیات نے زور دیا کہ الاٹشیں ٹھکانے لگانے کیلئے عیدالاضحیٰ پر اضافی عارضی کولیکشن پوائنٹس بھی بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عید کے لئے ہر شہر میں آگاہی کیمپ لگائے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے میونسپل کمیٹیوں کو بھی متعلقہ ستھرا پنجاب ایجنسی سے تعاون کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ٹیم ورک کے ساتھ وزیراعلیٰ مریم نواز کے مقرر کردہ اہداف حاصل کریں گے۔

بقیہ 11

سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کو بانی پی ٹی آئی نے نامزد کیا ہے، وہ بہترین کام کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سہیل آفریدی کے خلاف مہم چلانے والے مایوس و ناکام ہوں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ سہیل آفریدی کو پارٹی کی مکمل حمایت حاصل ہے، پی ٹی آئی میں کوئی فارورڈ بلاک نہیں ہے۔

بقیہ 12

صوبائی وزیر صحت نے ایمرجنسی اور ٹراما سنٹر کا معائنہ کیا جبکہ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے اس موقع پر سٹروک مینجمنٹ بے سنٹر کا افتتاح بھی کیا۔ ہسپتال میں ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری چیک کی۔ مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے زیر تکمیل مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال اور او پی ڈی کا بھی جائزہ لیا۔ ایس ای بلڈنگز کی طرف سے تعمیراتی منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ مدر اینڈ چائلڈ ہسپتال پر 6 ارب 70 کروڑ جبکہ نئی او پی ڈی پر 5 ارب 88 کروڑ 80 لاکھ روپے لاگت آئے گی، صحت کے ترقیاتی منصوبے اگلے مالی سال تک مکمل ہوں گے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیر اعلیٰ کے خصوصی پروگرام برائے سٹروک مینجمنٹ کے تحت پنجاب میں 54 سٹروک سنٹرز قائم کئے جا رہے ہیں۔ فالج کی علامات ظاہر ہوتے ہی فوری اقدام کرنے چاہئیں، ایک منٹ کی تاخیر بھی خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ فالج کے مریضوں کی فوری منتقلی کیلئے ریسکیو 1122 کو خصوصی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ فالج کی علامات ظاہر ہونے پر مریض کو فوری قریبی سنٹر منتقل کیا جائے۔ بروقت انجکشن سے مریض کو مستقل معذوری سے بچایا جا سکتا ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ٹیچنگ ہسپتال کے معاملات سے متعلق اجلاس کی بھی صدارت کی اور ضروری ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 13

افواج پاکستان کا ہر جوان وطن عزیز کی حفاظت کیلئے دن رات مصروف عمل ہے۔ محمد شہباز شریف نے مزید کہا کہ ارض وطن کی حفاظت کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

بقیہ 14

آپ برداشت نہ کرنے کا واضح پیغام دیا۔ پاک فوج نے اپنی عسکری صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ کر کے بھارت کو کسی بھی مہم جوئی سے باز رہنے کی تنبیہ کی۔ عالمی ماہرین کے مطابق پاک فوج مربوط جنگی حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت سے بارہا بھارت کا جنگی جنون خاک میں ملا چکی ہے، مسلح افواج کی مضبوط دفاعی تیاریاں علاقائی استحکام اور طاقت کا توازن برقرار رکھنے کی پالیسی کی عکاس ہیں۔

بقیہ 15

ہیں۔ پاکستان پوسٹ کی سروس افغانستان، بحرین، ایران، عراق، بھارت، کویت، شام، یمن، لبنان اور فلسطین کے لیے بھی معطل رہے گی۔

بقیہ 16

پروگرام میں 22 منصوبے شامل ہوں گے، جن میں 8 جاری جبکہ 14 نئے منصوبے شامل ہیں۔ آئندہ مالی سال کے لئے 2 ارب 71 کروڑ روپے سے زائد فنڈز مختص کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ جاری منصوبوں میں لاہور میں سرکاری ملازمین کیلئے فلیٹس اور پنجاب ہاس مری راولپنڈی شامل ہیں جبکہ لاہور میں اسٹریٹجک پلاننگ یونٹ اور چیف انجینئر آفس کی تعمیر بھی منصوبے کا حصہ ہے۔ نئی سکیموں میں لاہور کے شیر پاؤ برج کے قریب بلڈنگ کمپلیکس اور ملٹی اسٹوری فلیٹس کی تعمیر شامل ہے، جبکہ مختلف اضلاع میں سرکاری دفاتر، رہائش گاہوں اور انجینئرنگ دفاتر کے قیام کا بھی منصوبہ بنایا گیا ہے۔ حکام کے مطابق پنجاب ہاسز میں جنریٹرز، لفٹس اور دیگر جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی جبکہ حکومت کا کہنا ہے کہ ان منصوبوں سے انفراسٹرکچر اور سرکاری سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ 17

کی تعمیر پر بھی تیزی سے کام جاری ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بھاٹی چوک انڈر پاس منصوبے کا مجموعی طور پر چالیس فیصد سے زائد کام مکمل ہو چکا ہے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبے کی تعمیراتی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ شہریوں کو جلد از جلد سہولت فراہم کی جا سکے۔ بعدازاں سیکرٹری ہاؤسنگ نے داتا دربار توسیعی منصوبے کے مختلف سیکشنز کا بھی دورہ کیا، جہاں پیدل گزرگاہوں کی تعمیر اور ری ماڈلنگ منصوبے کے تحت اطراف کی املاک کے فساڈ اپ گریڈ کرنے کے کام کا جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ داتا دربار توسیعی منصوبے کا تقریباً ستر فیصد کام مکمل کیا جا چکا ہے اور باقی ماندہ کام بھی مقررہ شیڈول کے مطابق جاری ہے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نے ہدایت کی کہ زائرین اور راہگیروں کے تحفظ کے لیے تمام تعمیراتی سائٹس پر حفاظتی انتظامات اور ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر داتا دربار آنے والے عقیدت مندوں اور شہریوں کی سہولت کے لیے یہ بڑا منصوبہ متعارف کروایا گیا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی اور شہریوں کو درپیش دیرینہ مسائل کا حل ممکن ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھاٹی چوک پر ٹریفک کا شدید دباؤ معمول رہا ہے، تاہم انڈر پاس اور ری ماڈلنگ منصوبے کی تکمیل کے بعد صورتحال میں نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ 18

مقابلے میں اب تک تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں 10 سے 18 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کے باعث ٹرانسپورٹیشن لاگت بڑھ گئی، جس کا براہ راست اثر میٹریل کی قیمتوں پر پڑا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بٹومین اور دیگر فیول بیسڈ آئٹمز کی قیمتوں میں 20 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے جبکہ ریت، بجری اور اینٹوں کی قیمتیں بھی 12 سے 18 فیصد تک بڑھ گئی ہیں۔ اسی طرح سیمنٹ اور سریا کی قیمتوں میں 8 سے 12 فیصد اضافہ سامنے آیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ سڑکوں اور انفراسٹرکچر کے منصوبے اس اضافے سے سب سے زیادہ متاثر ہوں گے جبکہ جاری ترقیاتی سکیموں کی تکمیل کیلئے اضافی فنڈز درکار ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے بجٹ میں منصوبوں کی لاگت پر نظر ثانی کی جائے گی اور پنجاب کے مختلف محکموں کو اضافی وسائل فراہم کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ حکومت کو ترقیاتی منصوبوں کو جاری رکھنے کیلئے بجٹ میں مزید فنڈز مختص کرنا پڑ سکتے ہیں۔

بقیہ 19

چوہدری ریاض احمد گجر مرحوم کے بیٹے، سابق امیدوار پنجاب اسمبلی چوہدری قاسم ریاض گجر سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج محفوظ ایٹمی پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کی شہادتوں کی بدولت ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نے سی پیک دیا، موٹرویز دیئے، جدید میزائیل نظام کی بنیاد رکھی، وہ عظیم قومی کام کئے جو کوئی نہ کر سکا، سب سے بڑی بات مفاہمت کے بادشاہ صدر آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری نے انتقام کی سیاست کا خاتمہ کیا۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کی ترقی خوشحالی کے لئے سب کو ساتھ لیکر چلنے کا گر سکھایا، اداروں کا احترام اگر کسی نے سیکھنا ہو تو کوئی پیپلز پارٹی سے سیکھے، اللہ نے چاہا تو عوام کی طاقت سے اگلے وزیراعظم بلاول بھٹو زرداری کو بنائیں گے۔

بقیہ 20

مطابق کی جائے گی۔ نئے نظام کے تحت اکیڈمک پرفارمنس کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہوئے 20 نمبر مختص کیے گئے ہیں۔ طلبا کی انرولمنٹ برقرار رکھنے کے لئے 5 نمبر جبکہ سو فیصد حاضری کے لئے 10 نمبر مقرر کیے گئے ہیں۔ اساتذہ کی حاضری، ڈسپلن اور ڈریس کوڈ کے لئے بھی 10 نمبر رکھے گئے ہیں۔ اسی طرح سکولوں کی صفائی، ریکارڈ کی حفاظت اور میٹینینس کے لئے 15 نمبر مختص کیے گئے ہیں۔ ہم نصابی سرگرمیوں، سکیورٹی اور سیفٹی کے معیار کے لئے بھی 15 نمبر رکھے گئے ہیں جبکہ کلاس روم کی ڈیکوریشن، انفراسٹرکچر، سہولیات اور ای سی ای رومز کی موجودگی پر 5 نمبر دیئے جائیں گے۔ حکام کے مطابق اس نئے مانیٹرنگ سسٹم کا مقصد سکولوں کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانا، تعلیمی معیار بلند کرنا اور انتظامی نظام کو مزید مثر بنانا ہے۔

بقیہ 21

کرنے پر ملزم موقع سے فرار ہو گیا تھا۔ ایس پی اسد علی نے کہا کہ گرفتار ملزم وکیل کے خلاف مقدمہ درج جینڈر سیل کے حوالے کر دیا گیا، بچوں کا استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ 22

پر عمل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ نئے قواعد کے مطابق پتنگ بازی صرف مضبوط اور محفوظ چھتوں پر کی جاسکے گی جبکہ چھت کی چار دیواری کی کم از کم اونچائی ساڑھے 3 فٹ ہونا لازمی ہوگی، بچوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دیتے ہوئے والدین اور سرپرستوں کو مسلسل نگرانی کی ہدایت کی گئی ہے اور بچوں کو بغیر نگرانی چھت کے کناروں کے قریب جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ چھتوں پر بھاگنے، کودنے، کناروں سے لٹکنے اور جارحانہ انداز میں پتنگ لوٹنے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے، اسی طرح چھتوں پر گنجائش سے زیادہ افراد جمع کرنے کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ پتنگ بازی کے دوران اونچی آواز میں موسیقی، ڈی جے سسٹمز اور شور پیدا کرنے والے آلات کے استعمال پر بھی پابندی ہوگی جبکہ ہمسایوں کے لئے پریشانی کا باعث بننے والی کسی بھی سرگرمی کو قابلِ سزا جرم قرار دیا گیا ہے، تمام مقامات پر فرسٹ ایڈ کٹ کی موجودگی لازمی قرار دی گئی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں شہریوں کو ریسکیو 1122 سے فوری رابطہ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ضوابط کے مطابق حادثے یا خلاف ورزی کی صورت میں عمارت مالکان اور ایونٹ منتظمین کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے ڈی سیز اور ڈی پی اوز کو 100 فیصد عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔ مریم نواز شریف نے گزشتہ بسنت کے دوران شہریوں کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ آئندہ 2027ء میں بھی محفوظ بسنت کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے گا، حکومت کا موقف ہے کہ پتنگ بازی کے نام پر انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت کسی صورت نہیں دی

بقیہ 23

کیا کہ کسی قبائلی سردار کو قانون سے ہٹ کر دستاویزات کی تصدیق کا اختیار نہیں دیا جا سکتا جبکہ سرداری نظام 1976 میں ختم ہو چکا ہے اور اس کی قانونی حیثیت نہیں رہی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ قبائلی سرداری نظام محض ایک علاقائی روایت ہے جس کی عدالتی توثیق نہیں کی جاسکتی۔ عدالت نے درخواست کو ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار متاثرہ فریق نہیں، اس لیے اپیل قابلِ سماعت نہیں بنتی۔ عدالت نے قرار دیا کہ شناختی دستاویزات سے محروم ہونے والا متاثرہ شخص خود عدالت سے رجوع کرنے کا اہل ہوتا ہے، نہ کہ کوئی نمائندہ۔ درخواست گزار غلام علی نے موقف اختیار کیا تھا کہ وہ بلوچستان کے خروٹی قبیلے کے سردار ہیں اور ان کے قبیلے کے افراد کے لیے دستاویزات کی تصدیق کروانا مشکل ہے۔ واضح رہے کہ غلام علی نے بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کی تھی، جسے وفاقی آئینی عدالت نے مسترد کردی

بقیہ 24

ایکسائز عمر شیر چٹھہ کے مطابق ڈیفالٹرز کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کے احکامات جاری کردیئے گئے ہیں جبکہ صوبہ بھر میں 15 ہزار سے زائد کمرشل ڈیفالٹر پراپرٹیز کو سیل کیا جا چکا ہے اور ڈومیسٹک ڈیفالٹرز کو قرقی کے نوٹسز بھی جاری کیے گئے ہیں، محکمہ ایکسائز نے ہدف حاصل نہ کرنے والے انسپکٹرز اور ای ٹی اوز کے خلاف کارروائی کا عندیہ دیتے ہوئے انہیں عہدوں سے ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے، جبکہ محکمانہ تقرر و تبادلوں پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے۔ حکام کے مطابق ہفتہ وار چھٹی کے دن بھی 50 فیصد عملہ دفاتر میں موجود رہے گا جبکہ موٹر ٹیکس کی وصولی کیلئے آئندہ دو ماہ روزانہ کی بنیاد پر ناکہ بندیاں کی جائیں گی۔ ڈی جی ایکسائز کا کہنا ہے کہ پروفیشنل ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی کی وصولی کیلئے ٹیمیں فیلڈ میں متحرک رہیں گی جبکہ مالی سال کے آخری دو ماہ میں ریجنل ڈائریکٹرز اور ای ٹی اوز خود بھی فیلڈ میں جا کر ریکوری مہم کی نگرانی کریں گے۔

بقیہ 25

ڈائریکٹر جنرل رافیل ماریانو گروسی نے پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے نو تعینات چیئرمین ضیاء حسین شاہ کا پرتپاک استقبال کیا۔ یہ پیشرفت سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک پیغام کے ذریعے سامنے آئی، جس میں بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے سربراہ نے اس ملاقات کو خوش آئند قرار دیا۔ ملاقات میں جوہری تحفظ، سیکیورٹی اور ریگولیٹری تعاون سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ پاکستان کے ذمہ دارانہ جوہری کردار کو عالمی سطح پر سراہا گیا۔ دریں اثناء ویانا میں پاکستان کے مستقل نمائندہ برائے اقوام متحدہ کامران اختر ملک نے اس پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملاقات پاکستان پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے اور اس سے بین الاقوامی جوہری اداروں کے ساتھ تعاون مزید مضبوط ہوگا۔ ماہرین کے مطابق اس اعلیٰ سطحی رابطے سے نا صرف پاکستان کی ساکھ میں اضافہ ہوگا بلکہ عالمی جوہری میدان میں اس کا کردار مزید مستحکم ہوگا۔

بقیہ 26

عملی اقدامات شروع کردیئے گئے ہیں۔ حکام کے مطابق ابتدائی مرحلے میں لاہور میں خودکار ڈاکنگ ڈرون پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کیا جائے گا، جس کے لئے 20 جدید ڈرونز کی منظوری دی گئی ہے۔ کرائم

ایل این جی کی آمد توانائی بحران میں ریلیف، پاکستان میں سپلائی بحال

پاکستان نے قطر میں پھنسے ہوئے 4 کارگو کے حصول کی کوششیں تیز کر دیں

لاہور (این این آئی) تقریباً 2 ماہ کے وقفے کے بعد ایل این جی کی آمد سے پاکستان کے توانائی شعبے کو بڑا سہارا مل گیا، ایل این جی بردار جہازسی پیک میسلین نے پاکستان گیس پورٹ ٹرمینل پر پہنچ کر نظام میں ری گیسیفائیڈ مائع قدرتی گیس کی فراہمی شروع کر دی ہے۔ اس پیشرفت کے ساتھ ہی حکومت نے قطر سے پھنسے ہوئے 4 ایل این جی کارگو حاصل کرنے کی کوششیں بھی تیز کر دی ہیں۔

تخمینوں کے مطابق سالانہ ٹیکس چوری کا حجم 5 سے 7 کھرب ہے، ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

40 سے 60 فیصد غیر رسمی معیشت ٹیکس چوری کی بنیادی وجوہات میں شامل ہے، چیئرمین عامر قدیر

لاہور (این این آئی) ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے کہا ہے کہ پاکستان میں ٹیکس چوری کی بڑھتی ہوئی شرح معیشت کے لیے ایک سنگین چیلنج بنتی جا رہی ہے، مختلف تخمینوں کے مطابق سالانہ ٹیکس چوری کا حجم 5 سے 7 کھرب روپے تک ہے جو ملک کی مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً 6 سے 7 فیصد کے برابر ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کی بڑی غیر رسمی معیشت جو 40 سے 60 فیصد تک بتائی جاتی ہے ٹیکس چوری کی بنیادی وجوہات میں شامل ہے، اس کے علاوہ اسمگلنگ اور غیر قانونی تجارت کے باعث بھی سالانہ اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے، سیلز ٹیکس کے شعبے میں نمایاں لیکیجز رپورٹ ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس نظام کی پیچیدگی اور عدم شفافیت بھی ٹیکس چوری کو فروغ دے رہی ہے جبکہ ٹیکس کا بوجھ زیادہ تر تنخواہ دار طبقے پر پڑ رہا ہے۔

امریکی ایوانِ نمائندگان نے ہوم لینڈ سیکیورٹی کی فنڈنگ کا بل منظور کر لیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوانِ نمائندگان نے ہوم لینڈ سیکیورٹی کی فنڈنگ کا بل منظور کر لیا، جس کے بعد 75 روز سے جاری شٹ ڈاؤن ختم ہونے جا رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بل میں ٹرانسپورٹیشن سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن سمیت اہم اداروں کی بحالی شامل ہے، جس کا مقصد تقریباً 11 ہفتوں سے جاری جزوی شٹ ڈاؤن کو ختم کرنا ہے

لاہور: صوبائی وزیر لیبر محمد نشاء اللہ بٹ، نواز شریف سوشل سیکیورٹی ہسپتال میں لیبر ڈے کی مناسبت سے منعقدہ واک کی قیادت کر رہے ہیں۔

مہنگی توانائی، پیٹرولیم سے چھوٹی، درمیانی صنعتوں کے یونٹس بند ہو رہے ہیں، خادم حسین

برآمدی مصنوعات کی پیداواری لاگت بڑھنے سے حریف ممالک سے مقابلہ ممکن نہیں رہا، وائس چیئرمین فاؤنڈرز گروپ

لاہور (این این آئی) فاؤنڈرز گروپ کے وائس چیئرمین، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے نہ صرف عام شہریوں کی زندگی متاثر ہو گی بلکہ کاروباری سرگرمیوں پر بھی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کے اخراجات بڑھنے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافہ متوقع ہے جس سے مہنگائی کا دباؤ مزید بڑھے گا۔ ایندھن مہنگا ہونے سے پیداواری لاگت میں اضافہ ہو رہا ہے جس کے باعث برآمدی مصنوعات کی پیداواری لاگت بڑھنے سے عالمی منڈیوں میں حریف ممالک سے مقابلہ ممکن نہیں رہا۔

اسرائیل بغیر الزام زیر حراست فلسطینی ڈاکٹروں کو رہا کرے، انسانی حقوق تنظیم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل میں ایک تنظیم فزیشنز فار ہیومن رائٹس نے اسرائیلی سپریم کورٹ میں ایک درخواست دائر کی ہے جس میں غزہ سے تعلق رکھنے والے ان 14 فلسطینی ڈاکٹروں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو ایک سال سے زیادہ عرصے سے بغیر کسی الزام کے زیر حراست ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تنظیم نے کہا کہ ڈاکٹروں کو مناسب طبی دیکھ بھال اور خوراک سے محروم رکھا جا رہا ہے

ملکی حالات بہتر کرنے کا ایک ہی راستہ آئین و قانون کی بالادستی ہے، شاہد خاقان عباسی

کراچی کو وفاق کے حوالے کرنا خواہش ہو سکتی ہے لیکن آئینی طور پر ممکن نہیں، قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں ملکی مسائل پر بات نہیں ہوتی

کراچی (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملکی حالات بہتر کرنے کا ایک ہی راستہ آئین و قانون کی بالادستی ہے، کراچی کو نظر انداز کیا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ کراچی کا یہ حال ہے کہ پینے کیلئے پانی میسر نہیں، کراچی کو وفاق کے حوالے کرنا خواہش ہو سکتی ہے لیکن آئینی طور پر ممکن نہیں، قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں ملکی مسائل پر بات نہیں ہوتی۔

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے عوام کی قوت خرید متاثر ہو رہی ہے، آل پاکستان انجمن تاجران

بھاری بھرکم ٹیکسز کی وجہ سے مہنگی بجلی ایک الگ بوجھ ہے، تاجروں کو ریلیف دیا جائے، شہزاد اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے رجحان سے عوام کی قوت خرید بری طرح متاثر ہو رہی ہے، پیٹرولیم کی قیمتیں بڑھنے سے چھوٹا تاجر بری طرح متاثر ہو رہا ہے اور اس کے لئے روزمرہ کے اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام کی قوت خرید متاثر ہونے سے خریداری کے رجحان میں کمی سے تاجروں کے لئے خریدے گئے سامان کی ادائیگیاں کرنا مشکل ہو گیا ہے، بھاری بھرکم ٹیکسز کی وجہ سے مہنگی بجلی ایک الگ بوجھ ہے۔ حکومت سے اپیل ہے کہ تاجروں کے لئے بجلی کے بلوں میں ریلیف کیلئے پیکج دیا جائے تاکہ کچھ بوجھ کم ہو سکے۔ اسی طرح تاجروں کو سرمائے کی فراہمی کے لئے بغیر سود قرض کی سکیم کا بھی اعلان کیا جائے۔

پاکستان، ایران ٹرانزٹ منظوری سے گوادر کی تجارتی اہمیت میں اضافہ

گوادر کی گہرے پانیوں پر مشتمل بندرگاہ کنٹینرز، بلک کارگو، گودام کی سہولیات فراہم کرنیکی صلاحیت رکھتی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان کی جانب سے اپنے علاقے کے ذریعے ایران تک سامان کی ترسیل کی منظوری کے بعد گوادر کی حیثیت ایک اہم علاقائی تجارتی مرکز کے طور پر مزید مضبوط ہو گئی ہے جو مشرقِ وسطیٰ، وسطی ایشیاء اور جنوبی ایشیاء تک پھیل گیا ہے۔ ٹرانزٹ آف گڈز تھرو پاکستان آرڈر 2026 کے نفاذ کے مطابق نئی راہداریوں کا تعین کیا گیا ہے جن میں گوادر، کراچی اور تفتان کو ٹرانزٹ کارگو کی نقل و حرکت کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ ایران سے متصل گوادر مضبوط زمینی رابطوں کا حامل ہے۔ چائنہ اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی کے مطابق گوادر کی گہرے پانیوں پر مشتمل اور برف سے پاک بندرگاہ کنٹینرز، بلک کارگو اور گودام کی سہولیات فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے جبکہ بحری خدمات بھی مہیا کرتی ہے۔

لاہور مختلف تنظیموں کے زیر اہتمام مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے مطالبات کے حق میں مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔

یوم مئی محنت کشوں کے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، شرجیل میمن

حکومت سندھ نے ہمیشہ محنت کشوں اور کسانوں کی فلاح کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے، سینئر وزیر

کراچی (این این آئی) یوم مئی کے موقع پر سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ محنت کش طبقہ کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہوتا ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے بغیر پائیدار ترقی کا تصور ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کی قربانیوں، جدوجہد اور انتھک محنت کو خراجِ تحسین پیش کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شکاگو کے شہدا کی قربانیوں نے دنیا بھر کے محنت کشوں کو اپنے حقوق کے حصول کے لیے ایک نئی راہ دکھائی۔

گلستان جوہر میں شیشہ کیفے پر جھگڑے کے دوران فائرنگ سے مسلم لیگ ن کا عہدیدار جاں بحق

واقعے کے بعد مشتعل افراد کی کیفے میں ہنگامہ آرائی اور تھوڑ پھوڑ، گلستان جوہر تھانے کا گھیراؤ کر کے نعرے بازی

کراچی (این این آئی) گلستان جوہر میں شیشہ کیفے میں جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک نوجوان جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گلستان جوہر کے علاقے بلاک 3 کا نٹینینٹل بیکری کے قریب شیشہ کیفے میں فائرنگ سے 2 نوجوان زخمی ہو گئے، زخمیوں کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ایک زخمی دوران علاج خون زیادہ بہہ جانے کے باعث زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد مشتعل افراد نے کیفے میں ہنگامہ آرائی اور تھوڑ پھوڑ کی اور گلستان جوہر تھانے کا گھیراؤ کر کے نعرے بازی کی، پولیس نے فائرنگ کے الزام میں کیفے کے سیکیورٹی گارڈ اور منیجر سمیت 3 افراد کو حراست میں لے کر تفتیش کا آغاز کر دیا، جاں بحق ہونے والا نوجوان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کا عہدیدار تھا۔

لاہور حقوق خلق پارٹی کے زیر اہتمام مزدوروں کے حقوق کے لئے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔

پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کا گڈز کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان

حکومتی پالیسیوں اور بڑھتی لاگت کے باعث یہ قدم اٹھانا ناگزیر ہو گیا، صدر الائنس ملک شہزاد اعوان

لاہور (این این آئی) ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس نے ملک بھر میں گڈز کرایوں میں 5 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ صدر الائنس ملک شہزاد اعوان کے مطابق حکومتی پالیسیوں اور بڑھتی لاگت کے باعث یہ قدم اٹھانا ناگزیر ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیزل مہنگا ہونے سے ٹرانسپورٹرز کے اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، ایک ٹریلر کے ایک چکر کی لاگت میں تقریباً 2 لاکھ روپے بڑھ چکے ہیں۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہی ہیں۔

وفاقی وزارت خزانہ نے مہنگائی میں مزید اضافے کی پیشگوئی کر دی

مشرق وسطیٰ کشیدگی سے عالمی قیمتوں اور سپلائی میں خطرات برقرار ہیں، وزارت خزانہ کی آؤٹ لک رپورٹ جاری

کراچی (این این آئی) وفاقی وزارت خزانہ نے مہنگائی میں مزید اضافے کی پیش گوئی کر دی ہے اور اپریل میں مہنگائی کی شرح 8 سے 9 فیصد رہنے کا خدشہ ظاہر کر دیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ اکنامک اپ ڈیٹ آؤٹ لک رپورٹ میں مہنگائی کی شرح مزید اوپر جانے کی پیش گوئی کی گئی ہے اور کہا ہے کہ اپریل میں مہنگائی 8 سے 9 فیصد رہے گی۔ آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق سپلائی چین میں خلل کو مہنگائی بڑھنے کی بڑی وجہ قرار دیا گیا ہے تاہم جیو پولیٹیکل غیر یقینی صورت حال کے باوجود پاکستانی معیشت مستحکم ہے اور لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں گروتھ برقرار ہے اور آٹو سیکٹر میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ سیمنٹ کی پیداوار میں اضافے اور مقامی طلب میں بہتری کے اشارے ہیں، معاشی سرگرمی آئندہ مہینوں میں مضبوط رہنے کا امکان ہے۔ وزارت کے مطابق مشرق وسطیٰ کشیدگی سے عالمی قیمتوں اور سپلائی میں خطرات برقرار ہیں، پھر بھی ترسیلات زر اور آئی ٹی برآمدات سے بیرونی کھاتہ مستحکم رہنے کی توقع ہے

معرکہ حق کے حوالے سے قائداعظم یونیورسٹی میں کیمپس ٹاک کا انعقاد

معرکہ حق کی عظیم فتح کو ایک سال مکمل ہو چکا ہے اور ہم اس پر فخر کرتے ہیں، شرکاء

اسلام آباد (این این آئی) ڈیجیٹل ڈپلومیٹ کی جانب سے قائداعظم یونیورسٹی میں منعقدہ کیمپس ٹاک میں علمی شخصیات، دانشوروں اور طلبا و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ مباحثہ کا عنوان "معرکہ حق سے عالمی ثالثی تک پاکستان کیلئے سب سے بڑی کامیابیاں کیا ہیں" رکھا گیا۔ مقررین نے پاکستان کی موثر سفارتکاری، عالمی سطح پر ثالثی کے بڑھتے کردار اور بین الاقوامی اہمیت میں اضافہ کو نمایاں کامیابیاں قرار دیا۔ مباحثہ میں ماہرین تعلیم نے کہا کہ پاکستان دنیا کیلئے امن کا ضامن اور بااثر ثالث کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے، معرکہ حق کے بعد پاکستان بین الاقوامی سطح پر خود کو ایک ذمہ دار، باوقار اور نیٹ ریجنل اسٹیبلائزر کے طور پر منوایا ہے۔ تقریب کے شرکاء نے بہتری سفارتکاری اور شاندار ملٹری ڈپلومیسی پر پاکستانی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ مباحثے کے شرکاء نے کہا کہ معرکہ حق میں پاکستان نے بہترین حکمت عملی سے بھارت کو جنگی میدان، ڈیجیٹل اور سفارتکاری میں بھی شکست دی۔ بھارت نے پاکستان کے خلاف جتنی بھی سازشیں کی ہیں اس میں ہر بار ناکام رہا ہے۔

جہانگیر خان ترین نے چک نمبر 12 ایم پی آر میں ترین ڈائگنوسٹک سنٹر کے افتتاح کے بعد سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

کراچی، طلبہ و طالبات کو آن لائن منشیات فروخت کرنے والا ملزم گرفتار

چھاپہ مار کارروائی کے دوران ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں شاہ لطیف ٹاؤن پولیس نے طلبہ و طالبات کو آن لائن منشیات فروخت کرنے میں ملوث ملزم احمد علی عرف زیشان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ڈسٹرکٹ ملیر پولیس کے مطابق شاہ لطیف ٹاؤن پولیس نے سیکٹر بی میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی جس میں 750 سے زائد ڈائنگ پلز، 250 گرام ویڈ اور 200 گرام آئس شامل ہے۔ گرفتار ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا ہے کہ وہ ڈائنگ پلز اور دیگر منشیات آن لائن فروخت کرتا تھا جبکہ برآمد کی جانے والی منشیات مرد اور خواتین سمیت اسکول، کالجز اور یونیورسٹی کے طلبہ کو فروخت کرنے کا منصوبہ رکھتا تھا جبکہ گرفتار ملزم انکشاف کیا کہ وہ بلوچستان سے کمپیوٹر پارٹس کے اندر خفیہ خانوں میں ڈائنگ پلز آئس اور ویڈ منگواتا ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔

نارووال: ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن حاجی عارف حمید شیخ ڈسٹرکٹ جیل کی ڈسپنسری میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایران پر شدید اور تیز حملوں کی نئی لہر کا منصوبہ بنا لیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایران پر شدید اور تیز حملوں کی نئی لہر کا منصوبہ بنایا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حملوں کا مقصد مذاکرات میں تعطل ختم کرنا یا جنگ کے مکمل خاتمے سے پہلے ایران کو آخری فیصلہ کن ضرب لگانا ہو سکتا ہے۔ حملوں میں ایران کے انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے، ایک اور منصوبہ آبنائے ہرمز کے ایک حصے پر قبضہ کرنے کا بھی ہے تاکہ اسے بحری جہازوں کی آمد و رفت کے لیے کھولا جا سکے۔

حجرہ شاہ مقیم، پٹرول کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف بڑا ایکشن، پانچ پمپس سیل

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر پٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف ضلعی انتظامیہ نے بڑا ایکشن لیتے ہوئے پانچ پٹرول پمپس کو سیل کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں ضلع بھر میں چیکنگ کا عمل تیز کر دیا گیا ہے اور افسران فیلڈ میں موجود رہ کر عوام کو پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کو یقینی بنا رہے ہیں۔

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مہنگائی، پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے خلاف بھرپور احتجاج

لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ سمیت دیگر شہروں میں مظاہرے، عوام کی بڑی تعداد میں شرکت

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر لاہور سمیت وسطی پنجاب کے تمام اضلاع میں نماز جمعہ کے بعد بھرپور احتجاجی مظاہرے کیے گئے۔ لاہور، فیصل آباد، چنیوٹ، حافظ آباد، وزیر آباد، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، ننکانہ صاحب، شیخوپورہ، قصور، ساہیوال، اوکاڑہ، نارووال، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور پاکپتن میں ہونے والے ان مظاہروں میں عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور مہنگائی کے خلاف شدید احتجاج ریکارڈ کروایا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز، پینا فلیکس اور کتبے اٹھا رکھے تھے جن پر مہنگائی، بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور حکومتی معاشی پالیسیوں کے خلاف نعرے درج تھے۔ شرکا نے حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور فوری ریلیف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ مظاہروں میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی، جن میں تاجر، کسان، مزدور اور طلبہ شامل تھے۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی اہم کامیابی، 4 سال سے گمشدہ بچی کو اہلِ خانہ سے ملا دیا

میرا پیارا ٹیم اب تک 70 ہزار سے زائد گمشدہ اور لاوارث افراد کو ان کے خاندانوں سے ملوا چکی، ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی نے ایک اور اہم کامیابی حاصل کر لی۔ سیف سٹی کی میرا پیارا ٹیم کی کاوشوں سے 4 سال سے گمشدہ بچی ناہیدہ کو بالآخر اس کے اہلِ خانہ سے ملا دیا گیا۔ بچی جولائی 2022ء میں گوجرانوالہ میں لاوارث حالت میں ملی تھی، جس کے بعد اسے شیلٹر ہوم منتقل کر دیا گیا تھا۔ ابتدائی طور پر بچی اپنی مکمل شناخت بتانے سے قاصر تھی اور صرف اپنی والدہ کا نام بشریٰ اور والد کا نام بھولا بتاتی تھی۔ بعد ازاں گمشدگی کا کیس ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی کی میرا پیارا ٹیم کو سونپا گیا، جس نے مختلف ذرائع اور مسلسل رابطوں کے ذریعے معلومات اکٹھی کرنے کی کوشش جاری رکھی۔ ٹیم نے بچی کا ویڈیو انٹرویو ریکارڈ کر کے سوشل میڈیا پر شیئر کیا، جسے دیکھ کر اس کی بہن روانے رابطہ کیا۔ اہلِ خانہ نے تصدیق کی کہ بچی 2022ء میں شیخوپورہ سے لاپتہ ہوئی تھی۔ ابتدائی ویریفکیشن اور مکمل تصدیق کے بعد بچی کو بحفاظت اہلِ خانہ کے حوالے کر دیا گیا۔

کراچی: انصاف لیبر ونگ سندھ کے صدر رانا محمد اعظم و دیگر عالمی یوم مزدور کے موقع پر مزار قائد پر حاضری دے رہے ہیں۔

پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، علماء و مشائخ

ہم اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر راہ نجات کو تلاش کر کے روز محشر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے حقدار بن سکتے ہیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے علما و مشائخ نے محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے عالمی امن کو وقت کی ضرورت قرار دیا اور کہا کہ امت مسلمہ کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر اسلام اور ملک دشمنوں کی سازشوں کا منہ توڑ جواب دینے کے لئے مشترکہ لائحہ عمل طے کرنا ہو گا۔ جس طرح ملک پاکستان میں اخوت بھائی چارے اور قیام امن کے لئے پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اسی جذبہ سے عالمی امن کے لئے ہر مسلمان کو اپنا کردار ادا کرنا ہو گا۔ انہوں نے عبادات کو قرب الٰہی اور زریعہ نجات قرار دیتے ہوئے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت و عظمت اصحاب رسول دین اسلام کا جز اول ہے۔ اس لئے ہمیں اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر اپنے لئے نجات کا راستہ تلاش کر کے روز محشر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے حق دار ہو سکتے ہیں۔ توحید و سنت کے ساتھ امن سلامتی اور اخوت و بھائی چارے کا درس دین اسلام نے دیا اس لئے ہمیں متحد ہو کر دفاع اسلام، دفاع وطن اور قیام امن کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔

غریب آدمی کے لیے گھر کا چولہا چلانا مشکل ہو گیا ہے، مفتاح اسماعیل

یونیورسٹی روڈ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آبنائے ہرمز پہلے کھل جائے گی اور یونیورسٹی روڈ نہیں کھلے گا

کراچی (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے جنرل سیکریٹری اور سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ غریب شخص سیلز ٹیکس کی مد میں ہر چیز پر ٹیکس دے رہا ہے، حکومتی اعداد و شمار کے مطابق ملک میں غربت مسلسل بڑھ رہی ہے، غریب آدمی کے لیے گھر کا چولہا چلانا مشکل ہو گیا ہے، تنخواہ دار طبقے پر اس وقت 40 فیصد ٹیکس ہے، حکومت تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کم کرے، یونیورسٹی روڈ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آبنائے ہرمز پہلے کھل جائے گی۔

راولپنڈی میں دودھ اور دہی کی قیمتوں میں اضافہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں فریش ملک ایسوسی ایشن نے دودھ اور دہی کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا اس حوالے سے ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ دودھ کی قیمت میں 30 روپے فی لیٹر اور دہی کی قیمت میں 40 روپے اضافہ کیا ہے۔ ایسوسی ایشن نے کہا کہ فی لیٹر دودھ کی قیمت 220 سے بڑھ کر 250 روپے اور ایک کلو دہی کی قیمت 240 سے بڑھ کر 280 روپے مقرر کی گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ سندھ سے ڈنمارک کی سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات، سرمایہ کاری پر تفصیلی تبادلہ خیال

صوبائی حکومت بجلی کی پیداوار کے ساتھ ساتھ ڈسٹری بیوشن کے شعبے میں بھی کام کرنا چاہتی ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیرس مورٹینسن نے ملاقات کی، جس میں سندھ اور ڈنمارک کے درمیان دوطرفہ تعلقات، سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سرمایہ کاری کے مواقع، خصوصاً توانائی کے شعبے میں تعاون پر بات چیت ہوئی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ صوبائی حکومت بجلی کی پیداوار کے ساتھ ساتھ ڈسٹری بیوشن کے شعبے میں بھی کام کرنا چاہتی ہے اور اس مقصد کے لیے سندھ حکومت کے پاس اپنی ٹرانسمیشن کمپنی موجود ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سستی بجلی کی فراہمی کے لیے پیداوار بڑھانے اور لائن لاسز کم کرنے کی ضرورت ہے، جس سے عوام کو ریلیف اور صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا۔

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے کرائم رپورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر سمیر قریشی کی قیادت میں وفد گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہا ہے۔

ڈی پی او ہنگو طارق حبیب خان (PSP,QPM) کا انار چینہ چیک پوسٹ کا دورہ

دورے کے دوران ڈی پی او ہنگو طارق حبیب خان نے چیک پوسٹ کے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے) ۔۔۔۔ ڈی پی او ہنگو طارق حبیب خان (PSP,QPM) کا انار چینہ چیک پوسٹ کا دورہ، فتنہ الخوارج کے بزدلانہ حملے کے بعد جوانوں کے حوصلے بلند، سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ دورے کے دوران ڈی پی او ہنگو طارق حبیب خان نے چیک پوسٹ کے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے باونڈری وال، روف ٹاپ، داخلی و خارجی راستوں، سیکیورٹی پوائنٹس اور وہاں موجود ہیوی ویپن کا معائنہ کیا۔ مزید برآں، انہوں نے جوانوں کو دورانِ ڈیوٹی بلٹ پروف جیکٹ اور ہیلمٹ کے لازمی استعمال اور موبائل فون کے استعمال سے مکمل اجتناب برتنے کے حوالے سے سخت ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او ہنگو طارق حبیب خان نے جوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس حساس چیک پوسٹ کا دورہ اس بات کا واضح پیغام ہے کہ پولیس قیادت ہر مشکل گھڑی میں اپنے جوانوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ڈی پی او ہنگو کا کہنا تھا کہ فتنہ الخوارج کے بزدلانہ ہتھکنڈے ہنگو پولیس کے عزم کو ہرگز متزلزل نہیں کر سکتے۔ پولیس فورس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قیامِ امن کے لیے ہر لمحہ تیار ہے۔

کرم کے علاقے علی زئی میں ایک اہم جرگہ منعقد ہوا، جس میں تالو کنج اور بگن کے معززین نے شرکت کی

جرگے کے دوران تالو کنج اراضی تنازع، آبادکاری اور اس سے جڑے دیگر مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا

کرم) بیورو رپورٹ) کرم کے علاقے علی زئی میں ایک اہم جرگہ منعقد ہوا، جس میں تالو کنج اور بگن کے معززین نے شرکت کی۔ جرگے کے دوران تالو کنج اراضی تنازع، آبادکاری اور اس سے جڑے دیگر مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکاء نے اپنے اپنے مؤقف پیش کیے اور اس بات پر زور دیا کہ تمام معاملات کو بات چیت، باہمی احترام اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جائے۔ اجلاس خوشگوار ماحول میں منعقد ہوا اور مثبت انداز میں اختتام پذیر ہوا۔ معززین نے آئندہ بھی مسلسل رابطے اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کے پرامن حل کے لیے آمادگی ظاہر کی۔ مقامی ذرائع کے مطابق یہ جرگہ علاقے میں جاری معمولات کی بحالی اور امن کے قیام کی کوششوں کا حصہ ہے۔

ہینگ برج، رابطہ پل کی از سر نو تعمیر کے لیے چار لاکھ روپے کی منظوری۔ کام شروع کیا گیا

مستقل بنیادوں پر تعمیر کے لیے 20 کروڑ روپے کی بھی منظوری۔ عوام میں خوشی کی لہر۔ ذرائع

۔۔۔۔۔۔کرم (بیورو رپورٹ) سنٹرل کرم ڈوگر میں دریائے خرمانہ پر انگریز زمانے سے قائم رابطہ پل "ہینگ برج" جو طویل عرصہ گزارنے اور حالیہ بارشوں سے بری طرح متاثر ہو چکا تھا، یہ پل لاکھوں آبادی کا واحد رابطہ پل یا راستہ ہونے کے ناطے آنے جانے کا قابل نہیں رہا تھا۔ مقامی لوگوں نے انتظامیہ کو ان کے تعمیر کے سفارش کی تھی، جن کے لیے ڈپٹی کمشنر اشفاق خان نے فوری طور پر چار لاکھ روپے مقامی لوگوں کے مشران ڈاکٹر حمید اللہ کی سربراہی میں جاری کیے اور ڈاکٹر حمید اللہ کی نگرانی میں کام شروع کیا گیا۔ اس موقع پر مقامی ضلعی انتظامیہ نے ایک اور خوش خبری عوام کو سنائی کہ مذکورہ پل کی از س